
روزمرہ کے پیچیدہ مسائل کے حل کے لئے تیر بہدف عملیات

# بسم اللہ سے مشکلات کا حل



اقبال احمد مدنی

Qureshi RW

جملہ حقوق بحق پبلشر محفوظ ہیں

**نام کتاب**

بسم اللہ سے مشکلات کا حل

**مؤلف**

اقبال احمد مدنی

**ناشر**

شمع بک ایجنسی کراچی

**پرنٹر**

خالد پرنٹر

**قیمت**

-/40 روپے

**اسٹاکسٹ**

دُعا بک کارنر منشی محلہ گلی نمبر 5 امین پور بازار فیصل آباد

PH:041,2640013



# فہرست


| عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| غیب سے حاصل ہونے والا نادر عمل | 7 | ہر قسم کے بخار کے لیے | 16 |
| تلاش روزگار | 10 | متعدی امراض کا علاج | 16 |
| شفاء کے لیے | 10 | قوت حافظہ تیز ہو | 17 |
| یرقان کے لیے | 10 | حصول اولاد | 17 |
| پیشاب کی تکالیف | 10 | امراض دماغ سے نجات | 17 |
| کند ذہنی کا علاج | 11 | پرانے بخار سے نجات | 18 |
| درد گردہ کے لیے | 11 | نسیان سے نجات | 18 |
| بچے کا دودھ چھوڑنا | 11 | بخار سے نجات | 19 |
| عرق النساء | 12 | بیماری سے شفاء | 19 |
| پرانا بخار | 12 | درد شقیقہ کا علاج | 20 |
| دودھ بڑھانا | 13 | خسرہ سے نجات | 20 |
| ہر مرض کا علاج | 13 | کمر درد سے نجات | 21 |
| دودھ پیتے بچے کے لیے | 13 | ڈنک اور درد سے نجات | 21 |
| نجات امراض | 14 | پیٹ درد کا علاج | 21 |
| درد سر کا عمل | 14 | دماغ میں پانی کا علاج | 22 |
| عمل آشوب چشم | 14 | درستی زخم | 23 |
| کان درد سے نجات | 15 | کان درد سے آرام | 23 |
| گلے کا پھولنا | 15 | قوت حافظہ | 23 |
| کنٹھ مالا | 15 | تپ دق کا علاج | 24 |
| اختلاج قلب | 16 | دمہ کے لیے | 24 |


Qureshi RW

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| آدھے سر کا درد | 25 |
| درد پستان | 26 |
| حصول اولاد | 27 |
| درد چشم | 28 |
| ہر بیماری کے لیے | 28 |
| نسیان کا علاج | 29 |
| آنکھوں میں پانی آنا | 29 |
| تمام امراض سے شفاء | 30 |
| بانجھ پن کا علاج | 30 |
| لاعلاج مرض کے لیے | 31 |
| خونی وبادی بواسیر کے لیے | 31 |
| کمزوری حافظہ | 32 |
| فرزند نرینہ | 32 |
| بچے کا رونا | 33 |
| موذی جانور سے حفاظت | 33 |
| سانپ اور بچھو سے بچاؤ | 33 |
| سانپ کا ڈسنا | 33 |
| بچھو کا ڈنک مارنا | 34 |
| کتے کا کاٹ لینا | 34 |
| سر درد کے لیے | 34 |
| درد ابرو | 35 |
| ضعف دماغ | 35 |
| نسیان کا علاج | 35 |
| بے خوابی | 35 |

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| زیادہ نیند آنا | 36 |
| مرگی سے نجات | 36 |
| سرسام سے نجات | 36 |
| جنون سے نجات | 36 |
| ہذیان کا خاتمہ | 36 |
| مالیخولیا کا علاج | 37 |
| آشوب چشم | 37 |
| موتیا بند کا علاج | 37 |
| آنکھ کے زخم کے لیے | 37 |
| رتوندا کا علاج | 38 |
| ضعف بصر | 38 |
| درد کان | 38 |
| موذی جانور سے حفاظت | 38 |
| سانپ ڈس لے | 39 |
| بچھو کا ڈنک مارنا | 39 |
| کتے کے حملے سے بچنا | 39 |
| آدھے سر کا درد | 40 |
| لڑکا پیدا ہو | 40 |
| حمل کا گرنا | 41 |
| سوکھے کا مرض | 41 |
| دل کی گھبراہٹ کے لیے | 41 |
| بواسیر سے نجات | 42 |
| نظر بد اور بخار | 42 |
| اختلاج قلب | 42 |





| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| ڈراؤنے خوابوں سے نجات | 43 |
| چیچک سے نجات | 43 |
| مرگی سے نجات | 43 |
| سر درد سے نجات | 44 |
| تپ لرزہ کے لیے | 44 |
| پیچش کے لیے | 45 |
| پھوڑا، خارش سے نجات | 45 |
| پیشاب میں خون آنا | 46 |
| پیشاب رک رک کر آنا | 46 |
| سوزاک اور آتشک سے نجات | 46 |
| تشخیص مرض | 47 |
| ٹی بی کا علاج | 47 |
| بے روزگاری سے نجات | 48 |
| چہرہ چکنا ہونا | 49 |
| جریان سے نجات | 49 |
| دودھ کی کمی | 50 |
| ہر مرض سے نجات | 50 |
| حفاظت زہر | 50 |
| حافظہ کی زیادتی | 51 |
| دکھتی آنکھوں کے لیے | 51 |
| شفاء کے لیے مجرب ترین عمل | 52 |
| کنٹھ مالا کا علاج | .52 |
| عمل دافع دمبل | 53 |
| مرض مسان سے نجات | 53 |

| عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|
| یرقان کا خطرہ | 54 |
| پاگل پن کا علاج | 54 |
| زخموں کے نشانات | 54 |
| قولنج کے لیے | 55 |
| مرض سودا کا علاج | 56 |
| تپ دق کا علاج | 56 |
| بچے کی پسلی کے لیے | 57 |
| بخار کا علاج | 58 |
| مرگی سے نجات | 58 |
| برائے استخارہ | 59 |
| ختم سورۃ فاتحہ | 60 |
| بسم اللہ کی برکات | 60 |
| پیشاب کی رکاوٹ | 61 |
| تشخیص مرض | 61 |
| حفاظت مکان | 61 |
| حافظہ کی زیادتی | 62 |
| انگلی کے درد کے لیے | 62 |
| مسان سے نجات | 62 |
| ہر درد کے لیے | 63 |
| شب قدر اور بسم اللہ | 63 |
| خارش کا علاج | 64 |
| برائے یادداشت | 64 |
| کنویں کا پانی | 64 |
| کتے کے کاٹے کے لیے | 64 |


Oureshi RW

| عنوان | صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| استخارہ تسبیح | 65 | کشائش رزق | 78 |
| جنون کا علاج | 65 | حصول دولت ورزق | 78 |
| ہذیان کا خاتمہ | 65 | تلاش معاش | 78 |
| آشوب چشم سے نجات | 65 | حصول ملازمت | 79 |
| مصائب کا حل | 66 | ترقی ورزق | 79 |
| خاص نقش | 67 | کشائش رزق اور حصول ترقی | 80 |
| کند ذہنی کے لیے | 67 | خیر وبرکت کا حصول | 80 |
| ہر مرض کا علاج | 68 | روزگار کے لیے | 82 |
| رعشہ کا علاج | 68 | باطنی صفائی | 83 |
| تلی کا درد | 69 | تسخیر موکلات | 84 |
| روزی میں برکت | 69 | تنخواہ میں اضافہ | 85 |
| وسعت رزق | 70 | اعمال عجیب | 85 |
| روزگار کے لیے | 70 | نقش خاص | 85 |
| دکان کی ترقی | 71 | گھر میں اتفاق کے لیے | 86 |
| طب رزق | 71 | آسیب سے بچاؤ | 87 |
| میاں بیوی میں محبت کے لیے | 72 | سحر سے حفاظت | 87 |
| ترکیب دعوت بسم اللہ شریف | 73 | دفع سحر وآسیب | 87 |
| دست غیب | 74 | دافع جن | 88 |
| دولت مند ہونا | 74 | شیطان سے بچاؤ | 88 |
| عمل دست غیب | 75 | نظر بد کا علاج | 88 |
| حصول روزگار | 75 | نظر بد کی تاثیر پر حدیث نبوی | |
| فراخی رزق | 76 | سے چند دلائل | 89 |
| دکان کی ترقی | 77 | نظر بد کا علاج | 91 |
| عمل خیر وبرکت | 77 | نظر بد کے علاج کی عملی مثالیں | 94 |




# مسجد نبوی میں غیب سے حاصل ہونے والا ایک نادر عمل

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ اِنَّ الصُّحَاءَ ضُحَائُکَ وَالۡبِھَاءَ بَھَائُکَ
وَالۡجَمَالَ جَمَالُکَ وَالۡقُوَّۃَ قُوَّتُکَ وَالۡقُدۡرَۃُ قُدۡ
رَتُکَ وَالۡعِصۡمَۃَ عِصۡمَتُکَ اَللّٰھُمَّ اِنۡ کَانَ رِزۡقِیۡ
فِی السَّمَآءِ فَاَنۡزِلۡہُ وَاِنۡ کَانَ فِی الۡاَرۡضِ فَاَخۡرِجۡہُ
وَاِنۡ کَانَ فِی الۡمَاءِ وَالۡبَحۡرِ فَاَطۡلِعۡہُ وَاِنۡ کَانَ اٰجِلًا
فَعَجِّلۡہُ وَاِنۡ مُعۡسِرًا فَیَسِّرۡہُ وَاِنۡ کَانَ حَرَامًا
فَطَھِّرۡہُ وَاِنۡ کَانَ بَعِیۡدًا فَقَرِّبۡہُ وَاِنۡ کَانَ قَلِیۡلًا
فَکَثِّرۡہُ وَاِنۡ کَانَ کَثِیۡرًا فَبَارِکۡ لِیۡ فِیۡہِ وَاَوۡصِلۡہُ

Qureshi RW

اِلَیَّ حَیْثُ کُنْتُ وَلَا تَنْقِلْنِیْ اِلَیْہِ حَیْثُ کَانَ
وَاجْعَلْ یَدَیَّ الْعُلْیَا بِالْاَعْطَاءِ وَلَا تَجْعَلْھَا السُّفْلٰی
بِالْاِسْتِعْطَاءِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ بحق
ضُحَائِکَ وَبَھَائِکَ وَجَمَالِکَ وَقُدْرَتِکَ
وَقُوَّتِکَ وَعِصْمَتِکَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِکَ
آتِنِیْ مَا اٰتَیْتَ عِبَادِکَ وَصَالِحِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ
عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمْ وَالْحَمْدُ
لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

۹ مرتبہ پڑھیں۔

ترجمہ : اے اللہ! بے شک چاشت آپ ہی کا ہے اور ہر طرح کی رونق بھی آپ ہی کی طرف سے ہے، جمال بھی آپ ہی کا معتبر ہے۔ قوت بھی بس آپ کی قوت ہے۔ قدرت بھی آپ ہی کو زیبا ہے۔ حفاظت بھی آپ ہی کو بجتی ہے۔ اے اللہ! اگر میرا رزق آسمان میں ہے تو اسے (زمین پر) نازل فرمائیے، اگر زمین میں کہیں پوشیدہ ہے۔ تو برآمد کر دیجئے اور اگر دریاؤں اور سمندروں میں ہے تو اس سے آگاہی بخشئے اور اگر دیر سے پہنچے والا ہے تو اسے جلد پہنچا دیجئے اور اگر حصول دشوار ہو تو آسان کر دیجئے اور اگر اس میں کوئی حرمت کی بات ہے تو اس کو اس میں سے نکال کر پاک اور حلال کر دیجئے اور



اگر پہنچ سے دور ہو تو اسے قریب کر دیجئے اور اگر کم مقدار میں ہو تو مقدار زیادہ کر دیجئے۔ اگر بہت کثیر ہے تو اس کو خیر و برکت کا باعث بنائیے۔ میرا رزق مجھ تک پہنچائیے۔ میں جہاں بھی ہوں اور مجھے جہاں وہ ہے وہاں پہنچنے کی زحمت سے بچائیے۔ میرا ساتھ دینے والا ہاتھ بنائیے، مانگنے والا ہاتھ نہ بنائیے، بے شک آپ ہر چیز پر پوری طور پر قابو یافتہ ہیں۔ اپنے چاشت اپنی نایاب جمال قدرت، قوت اور عصمت کا آپ کو واسطہ کہ آپ کے سوا کوئی طاقت کوئی قوت قابل اعتماد نہیں ہے۔ مجھے وہی عطا فرما جو اپنے پسندیدہ بندوں کو عطا فرماتے ہیں اور صلوٰۃ وسلام نازل فرمائیے۔ اللہ ہمارے سردار محمد ﷺ اور ان کی تمام آل واصحاب پر اور ہر تعریف سزاوار ہے۔ اللہ رب العالمین کو!

بعد دعا کے ۱۷ مرتبہ درج ذیل دعا بھی پڑھنی ہے۔

رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمَ۔

ترجمہ : اے پروردگار مجھے بخش دے اور میری توبہ قبول فرما! بے شک تو عنایت فرمانے والا مہربان ہے۔

صلوٰۃ الضحیٰ (چاشت کی نماز) کی کم سے کم دو رکعات زیادہ سے زیادہ بارہ رکعات ہیں۔ وقت سورج نکلنے کے ایک گھنٹہ بعد سے نصف النہار شرعی تک ہے۔ یہ دعا صلوٰۃ الضحیٰ کے علاوہ بھی کسی وقت مانگی جاسکتی ہے۔

رزق کی ترقی اور فراوانی کے لئے مجرب ہے اور ایک خصوصی عطیہ ہے۔

Qureshi RW

# تلاش روزگار

سورہ اخلاص کا پڑھنا تلاش معاش کے لیے مع بسم اللہ ایک ہزار ایک بار اول و آخر درود شریف سو سو مرتبہ عروج ماہ میں نہایت مؤثر ہے۔

# شفاء کے لئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سوائے مرض الموت کے ہر مرض کا علاج ہے۔ کسی بھی مریض کو چالیس یوم تک بلاناغہ چار سو چوالیس مرتبہ پاک وصاف پانی پر دم کر کے پلائیں انشاء اللہ شفاء نصیب ہوگی۔

# یرقان کے لئے

نئے طشت یا تازہ قلعی شدہ برتن پر زعفران سے بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھے، گلاب ملا کر پلائے، شفاء ہوگی۔

# پیشاب کی تکالیف

پیشاب کا خواب میں کرنا، فرش یا چارپائی پر نکل جانا یا تقطیر البول یا سیلان منی یا مذی کی تکلیف ہو تو اس کو لکھ کر پلائے اور کمر میں باندھے۔

جام نو پر زعفران سے اتنی بار بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ لکھے کہ پیالہ بھر جائے۔ پھر ٹھنڈا پانی ڈال کر دھو کر پلائے۔



# کند ذہنی کا علاج

سات سو چھیاسی مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم اور درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کرے اور کند ذہن کو پلائے، یہ عمل چالیس روز تک جاری رکھے تو ذہن نہایت قوی ہو جائے گا۔

# درد گردہ کے لئے

جس شخص کو درد گردہ کی شکایت ہو اسے چاہئے کہ صبح کی نماز میں سنت اور فرض کے درمیان اکتالیس مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے۔

اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ کی آخری میم کو الحمد کے ساتھ ملا کر پڑھے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے اور اکیس دن تک پیے۔

# بچے کا دودھ چھوڑنا

جب بچے کا دودھ چھڑایا جاتا ہے تو بچہ بڑا مضطرب ہو جاتا ہے۔ یہ عبارت لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ ھو ع مسح ۲۔ ط ر ۲ و۔ و دط

۔ س ر۔

حد ی ح دہ

## عرق النساء

یہ درد ایک کولہے یعنی کمر سے شروع ہوتا ہے اور پاؤں کے ٹخنہ تک جاتا ہے اور ہفتوں اور مہینوں اور بعض مریضوں کو برسوں رہتا ہے۔ اس کے لئے یہ عمل کریں۔

**یاشافی بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم شفایاب فرما!**

یہ دعا تین یا سات بار روزانہ لکھ کر گلے میں باندھے یا کمر میں باندھے۔ باذن اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔ تاشفاء ہر روز یہ عبارت ایک ہی جگہ باندھتا رہے۔ بعد شفاء سب کھول کر اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی نذر دلا کر سب کو دریا میں ڈال دے۔

## پرانا بخار

بسم اللہ شریف پرانے بخار کے لئے بہت مفید ہے۔ یہ لکھ کر تین روز پانی سے دھو کر پلائے۔

## دودھ بڑھانا

عورتوں کا دودھ اکثر نظر اور کبھی خون کی کمی یا بیماری کی وجہ سے سوکھ جاتا ہے یا اتنا کم ہو جاتا ہے کہ بچے کی شکم سیری نہیں ہو پاتی۔ اس کے لئے یہاں ایک ایسا عمل تحریر کیا جاتا ہے جو عورتوں، جانوروں، گائے، بھینس، بکری سب کے لئے مفید ہے۔



سورہ قدر اکیس بار اور بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔۲۱۲ بار پڑھ کر تین دن کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے کھلائے اور جانوروں کو نمک پر دم کر کے دے۔

## ہر مرض کا علاج

سورہ کافرون مع بسم اللہ شریف ایک ہزار ایک بار پڑھ کر سرسوں کا تیل ایک بوتل پر دم کر کے محفوظ رکھے۔ جب کوئی مریض آئے تو ذرا سا تیل اس میں سے دیا جائے اور کہہ دیں کہ ایک قطرہ سوتے وقت مریض کے کان میں ڈالیں اور درد کی جگہ مالش کریں۔

اس سے ہر قسم کی تکلیف رفع ہوگی۔ اگر سوتے میں طرح طرح کے ڈراؤنے خواب آتے ہوں تو اس سے نجات ہوگی۔ اگر کسی قسم کا خطرہ آسیب وغیرہ کا ہوگا تو اس سے نجات ہوگی اور جو دوا مریض کے استعمال میں آ رہی تھی اور وہ اثر نہیں کرتی تھی انشاء اللہ اثر کرے گی۔

## دودھ پیتے بچے کیلئے

اکثر بچوں کا جب دودھ چھڑایا جاتا ہے تو بہت روتے اور انتہائی ضد کرتے ہیں۔ بچے کے والدین بھی بہت پریشان ہو جاتے ہیں اور بچہ بھی بہت کمزور ہو جاتا ہے۔ بسم اللہ شریف چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر وہ پانی بچے کو پلا دے تو اللہ تعالیٰ صبر عطاء فرمائے گا۔

Oureshi RW

# نجات امراض

نقش بسم اللہ شریف ہر ضرورت میں دیا جا سکتا ہے۔ مثلاً کہیں درد ہو تو درد کی جگہ باندھے۔ درد رفع ہوگا۔ بخار میں لکھ کر موم جامہ کر کے بازو پر باندھے بخار سے نجات ملے۔ جو شخص اپنے پاس رکھے ہر دلعزیز ہو۔ چاندی کے پترے پر کندہ کر کے انگشتری میں رکھ کر پہنے بے شمار برکتیں ظہور میں آئیں گی۔ اس پر روزانہ ۶۶۶ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھ کر دم کرلیا کرے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲۶۳ | ۲۵۸ | ۲۶۵ |
| ۲۶۴ | ۲۶۲ | ۲۶۰ |
| ۲۵۹ | ۲۶۶ | ۲۶۱ |

## دردسر کا عمل

تیرہ بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سر پر دم کرے تو انشاء اللہ فوراً شفاء ہوگی۔

## عمل آشوب چشم

سات بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھ کر دم کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔



## حدت چشم سے نجات

درج ذیل عبارت سات بار پڑھ کر آنکھ پر دم کرے تو شفاء ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم. یا بصیرُ یا بصیرُ یابصیرُ یا بصیرُ یا سمیعُ یا سمیعُ یاسمیعُ یا سمیعُ۔

## کان درد سے نجات

بسم اللہ ایک سو ایک بار پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ کان درد سے نجات مل جائے گی۔

## گلے کا پھولنا

یہ عبارت پڑھ کر دم کرے اور یہی لکھ کر گلے میں باندھے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یا رازق یا رب لا الہ الا اللہ۔

## کنٹھ مالا

سات تار نیلے سوت کے مریض کے قد کے برابر یعنی مریض کو کھڑا کر کے اس کی پیشانی کے بالوں سے پاؤں کے ناخن تک بالکل ٹھیک ناپے اور اس میں اکتالیس گرہ دے اور ہر گرہ پر بسم اللہ شریف ایک سو ایک مرتبہ پڑھے اور دم کرے اور گنڈہ بنا کر مریض کے گلے میں ڈالے، باذنہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔

Qureshi RW

# اختلاج قلب

یہ عبارت اس طرح لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے کہ عبارت دل پر رہے۔ انشاء اللہ اختلاج قلب سے نجات مل جائے گی۔

لاحول ولاقوة الاباللہ العلی۔ ولاقوة الا باللہ العلی العظیم۔ الا باللہ العلی العظیم بسم اللہ۔ باللہ العلی العظیم بسم اللہ الرحمن۔ العلی العظیم بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

بسم اللہ شریف پڑھ کر مریض پر دم کرے اور یہی لکھ کر گلے میں ڈال دے اور ایک جگہ لکھ کر اس پر ۲۶ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھ کر مریض کو پانی دھو کر پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ اسی دن نجات ہوگی۔

# ہر قسم کے بخار کیلئے

بسم اللہ شریف لکھ کر اس کے نیچے مریض کا نام لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے تو شفاء ہوگی۔ نہایت مجرب ہے۔

# متعدی امراض کا علاج

اگر چیچک یا خسرا نکلنے کا خوف ہو تو انشاء اللہ نہ نکلے گی اور اگر نکل آئی ہو تو



بسم اللہ شریف چینی کی پلیٹ پر لکھ کر آب زمزم سے اور نہ زمزم ملے تو بارش کے پانی سے اور یہ بھی نہ ملے تو تازہ پانی سے دھو کر پلائیں، انشاء اللہ صحت کامل ہوگی۔

# قوت حافظہ تیز ہو

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اس کے حافظہ کو اس قدر تقویت دے کہ وہ آسانی سے قرآن پاک حفظ کر سکے اور دین کے بارے میں علوم با آسانی سمجھ کر یاد کر سکے تو اس کو چاہیے کہ وہ ہر روز نماز عصر کے بعد ایک سو چھبیس مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے۔ بفضل باری تعالیٰ اس کا حافظہ مضبوط ہو جائے گا اور جو بھی یاد کرنا چاہے گا آسانی سے کر سکے گا۔

# حصول اولاد

اگر کسی عورت کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو اور وہ بانجھ نہیں ہے تو پھر جب حیض سے پاک ہو تو غسل کرنے کے بعد دو رکعت نفل نماز پڑھے پھر گیارہ سو مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھے اور پانی پر دم کر کے پی لے۔

اکیس یوم تک بلا ناغہ عشاء کی نماز کے بعد یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد کی نعمت سے سرفراز ہوگی۔

# امراض دماغ سے نجات

جو کوئی وجع مفاصل اور دماغی امراض میں مبتلا ہو اور کسی طرح بھی آرام نہ

Oureshi RW

آتا ہو۔علاج کروا کر تنگ آچکا ہو اس کے لئے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔بلا تعداد پڑھنا شافی علاج ہے۔

## پرانے بخار سے نجات

بخار سے چھٹکارہ کے لئے بھی سورہ فاتحہ پڑھنا فائدہ مند ہے۔نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیانی وقفہ میں بسم اللہ الرحمن الرحیم۔کا پڑھنا نہایت مجرب ہے۔اس سے معلوم ہوا کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔سے بخار کا بھی شافی علاج ہو جاتا ہے۔

## نسیان سے نجات

جو کوئی بھول جانے کے عارضہ میں مبتلا ہو کوئی بھی بات زیادہ دیر تک یاد نہ رہتی ہو، یادداشت ٹھیک طرح سے کام نہ کرتی ہو مرض نسیان میں مبتلا ہو، چیز رکھ کر بھول جاتا ہو، ذہن پر زور دینے سے بھی یاد نہ آتی ہو اس وجہ سے بہت پریشان ہو اور مرض نسیان کے باعث اکثر مرتبہ شرمندگی کا سامنا کرنا پڑتا ہو اور چاہتا ہو کہ اس کا یہ مرض دور ہو جائے تو اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں چینی یا شیشہ کی صاف پلیٹ پر بسم اللہ الرحمن الرحیم۔لکھے اور عرق گلاب یا پانی سے دھو کر پی لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں نسیان دور ہو جائے گا اور یادداشت بہتر ہو جائے گی۔



اگر بسم اللہ الرحمن الرحیم۔مشک و زعفران سے لکھے تو بہتر ہے مرض نسیان کو دور کرنے کے لئے بہترین عمل ہے۔

## بخار سے نجات

بخار کی حالت میں جلد شفاء حاصل کرنے کے لئے باوضو حالت میں تین مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔پڑھ کر بیمار کو دم کرے۔دن میں دو مرتبہ صبح و شام دم کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد شفاء ہو گی۔کتنا بھی شدید بخار کا حملہ ہو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تین دنوں کے اندر اندر آرام آجائے گا۔

## بیماری سے شفاء

ہر قسم کی بیماری میں شفاء حاصل کرنے کے لئے بسم اللہ الرحمن الرحیم سے مدد لینا جلد صحت یابی کا باعث ہے۔

ایسی بیماری جو کسی بھی علاج سے ٹھیک نہ ہوتی ہو وہ بھی دور ہو جاتی ہے اور مریض کو مکمل طور پر آرام آجاتا ہے۔ہر طرح کے مرض میں شافی علاج کے لئے باوضو حالت میں پاک صاف جگہ پر بیٹھ کر زعفران اور عرق گلاب سے بسم اللہ الرحمن الرحیم اور آیات شفاء لکھے اور تعویذ کی شکل میں مریض کے گلے میں ڈال دے۔پھر ہر روز چینی کی صاف پلیٹ پر بسم اللہ الرحمن الرحیم۔اور آیات شفاء اوّل سے آخر تک لکھے اور پانی سے دھو کر مریض کو

Qureshi RW

پلائے۔انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ہوگا اور مریض صحت یاب ہوجائے گا۔

## درد شقیقہ کا علاج

اگر کسی کو نصف سر میں شدید درد ہو اور کسی طرح آرام نہ ہوتا ہو، تو دوسرا شخص باوضو حالت میں انگوٹھے اور درمیان والی انگلی میں اس کی کنپٹیوں کو زور سے دباتے ہوئے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھنا شروع کرے اور پڑھتے ہوئے آہستہ آہستہ دونوں انگلیوں کو ماتھے کے درمیان پیشانی پر ملا دے اور ورد ختم کرے۔

یہ عمل تین مرتبہ کرے اور تین دن تک بلاناغہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ کی برکت سے درد کو آرام آجائے گا۔

## خسرہ سے نجات کے لئے

خسرہ کے مرض کو دور کرنے کے لئے نیلے رنگ کا صاف سوت لیں اس کے چند تار نکال کر باوضو حالت میں بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھ کر گیارہ گرہیں لگائیں۔ یعنی ہر گرہ پر ایک بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھیں اس کے بعد کوئی میٹھی چیز پکا کر کسی مسکین یا محتاج کو دے دیں اور دم کیا ہوا دھاگہ مریض کے بازو پر باندھیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مریض بہت جلد شفایاب ہوجائے گا۔



## کمر درد سے نجات

سردی کے موسم میں موسمی اثرات کے باعث ہونے والی کمر درد میں افاقہ حاصل کرنے کے لئے باوضو حالت میں شیشے کی پلیٹ پر ایک مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ لکھ کر روغن بلسان خالص سے اس کو پانی کی طرح دھولیں۔ پھر اس تیل پر ستر مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھ کر کسی شیشی میں تیل محفوظ کرلیں۔

کمر درد ہونے کی صورت میں اس تیل کی خوب اچھی طرح مالش کریں انشاء اللہ تعالیٰ درد سے آرام آجائے گا۔

## ڈنک اور درد سے نجات

اگر بچھو نے کسی کو ڈنک مارا ہو اور بہت شدید درد محسوس ہو رہا ہو تو باوضو حالت میں تھوڑا سا خوردنی نمک لے کر اس پر سات مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھ کر دم کرے پھر اس نمک کو گرم پانی میں گھولے اور اس پانی سے جہاں بچھو نے ڈنک مارا ہے اس جگہ کو خوب اچھی طرح دھوئے، اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ کی برکت سے تکلیف رفع ہوجائے گی۔

## پیٹ درد کا علاج

اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو اور آرام نہ آتا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت

Qureshi RW

میں چینی کی پلیٹ پر زعفران اور عرق گلاب سے بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھ کر مریض کو پلائے تین یوم تک بلا ناغہ پلائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ پہلے دن ہی افاقہ ہوگا اور پیٹ درد کی شکایت رفع ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ کی برکت سے شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

## دماغ میں پانی کا علاج

یہ مرض بہت زیادہ خطرناک ہوتا ہے۔ اس میں مریض کے دماغ کے پردوں کے اندر پانی جمع ہو جاتا ہے۔ مرض کی شدت سے مریض کی موت واقع ہو جانے کا بھی ڈر ہوتا ہے۔

چونکہ یہ ایک خطرناک مرض ہوتا ہے اس لئے اس کے علاج کے لئے فوری طور پر رجوع کرنا چاہیے۔

اس مقصد کے لئے بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔انتہائی شفاء بخش اثر رکھتی ہے جو شخص اس مرض میں مبتلا ہو تو دوسرا شخص باوضو حالت میں مریض کے سر پر اپنا ہاتھ پھیرتے ہوئے تین تین مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ توجہ اور یکسوئی کے ساتھ پڑھ کر دم کرے۔

جب تک مکمل آرام نہ آئے ہر روز یہ عمل بلا ناغہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا اور تھوڑے ہی دنوں میں مرض سے نجات مل جائے گی اللہ تعالیٰ شفاء کاملہ نصیب فرمائے گا۔



## درستی زخم

ایسا زخم جو پھوڑے پھنسی کی وجہ سے بن گیا ہو اور کسی طرح ٹھیک نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ اول و آخر درود پاک پڑھے اور تین سو مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھ کر دم کرے تین دن میں دو مرتبہ صبح اور شام دم کرے بفضل باری تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ہوگا اور رفتہ رفتہ زخم مندمل ہونا شروع ہو جائے گا اور مکمل آرام آ جائے گا۔

## کان درد سے آرام

کان کا درد بہت نا قابل برداشت ہوتا ہے اس میں درد کی ٹیسیں اٹھتی ہیں جو کہ برداشت سے باہر ہوتی ہیں۔ اگر کسی کے کان میں درد کی شکایت ہو تو باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ میں بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ لکھیں اور روغن گل سے دھو کر اس تیل کو نیم گرم حالت میں چند قطرے کان میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کان کا درد رفع ہو جائے گا۔

## قوت حافظہ

جس کسی کا حافظہ بہت ہی زیادہ کمزور ہو کوئی بھی بات زیادہ دیر تک یاد نہ رہتی ہو تو حافظہ کی مضبوطی کے لئے باوضو ہو کر چینی کی پلیٹ میں بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ لکھے اور خالص عرق گلاب یا پانی سے دھو کر ہر روز پیئے۔

Qureshi RW

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ زعفران سے لکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ہوگا حافظہ کی کمزوری کی شکایت رفع ہو جائے گی۔ طالب علموں اور دماغی کام کرنے والوں کے لئے یہ عمل بہت ہی فائدہ مند ہے۔

## تپ دق کا علاج

تپ دق میں مبتلا لوگوں کے لئے ذیل کا عمل مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے رات بھر مٹی کے برتن میں پانی کو شبنم میں رکھ چھوڑیں۔ صبح کو بعد نماز فجر اس پانی پر اول و آخر درود شریف سات سات مرتبہ اور الحمد شریف مع بسم اللہ شریف کی میم کو الحمد کی لام کے ساتھ ملا کر ۲۱ بار ایک ہی سانس میں پڑھ کر دم کرنا ہے۔

اس کے بعد آیت الکرسی اور قل شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس پانی کے چھینٹے مرد یا عورت پر تین مرتبہ لگائیں اور اس پانی کو دن بھر مریض کو دو دو گھونٹ پلائیں نو روز تک بلاناغہ یہ عمل تازہ پانی کے ساتھ جاری رکھیں۔ بچا ہوا پانی کسی پاک جگہ پر گرا دیں یا کسی باغ میں گرا دیں۔ انشاء اللہ اس موذی مرض سے نجات کامل مل جائے گی۔

## دمہ کے لئے

دمہ کے مرض میں مبتلا اشخاص ذیل کا عمل کریں۔ جو بے حد مجرب ہے۔



اس مقصد کے لئے درود پاک شفاء کسی سفید کاغذ پر باوضو حالت میں زعفران و گلاب سے لکھیں۔ پھر اس درود پاک والے کاغذ کو کسی پانی کی بوتل میں ڈال لیں اور اس پر اکتالیس مرتبہ درود شفاء اور ۸۰۸ بار بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کریں اور اس پانی کو روزانہ صبح و شام دو دو گھونٹ ان الفاظ کے ساتھ پی لیں۔

"نویت الشفاء عن علۃ المرض۔" انشاء اللہ چند یوم میں بیماری سے شفاء کامل حاصل ہوگی۔

## آدھے سر کا درد

آدھے سر کے درد کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے کسی سفید کاغذ پر قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران و گلاب سے درود پاک لکھے اور اس پر بسم اللہ شریف اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو موم جامہ کر کے طلوع آفتاب سے پہلے سر میں جس طرف درد ہو رہا ہو باندھیں اور شام کو غروب آفتاب کے وقت اتار لیں۔ تین دن کے عمل سے نصف سر کے درد سے مکمل نجات مل جائے گی۔

## حصول اولاد کے لئے

جس عورت کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو اور وہ اولاد کی بے حد آرزومند ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

Qureshi RW

اس مقصد کے لئے باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ لکھیں اور اس پر بسم اللہ شریف ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر کے موم جامہ کریں اور عورت کو گلے میں پہنائیں انشاء اللہ اس عمل کی بدولت وہ اسی ماہ حاملہ ہوگی روزانہ درود شفاء اکیس مرتبہ پڑھ کر دم بھی کیا کریں۔

## درد پستان

جس عورت کے پستانوں میں شدید درد رہتا ہو اور آرام نہ آتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل مفید وشافع ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے درود شفاء گیارہ مرتبہ مع بسم اللہ شریف لکھیں اور پھر اس پر ایک سو اکتالیس مرتبہ درود شفاء پڑھ کر دم کرلیں اور ان الفاظ کے ساتھ صبح نہار منہ اور رات کو سوتے وقت تین تین گھونٹ پی لے اور ساتھ ہی تھوڑا سا پانی لے کر پستانوں کو اچھی طرح دھوئے۔

دھوتے وقت اس بات کا خیال رہے کہ پانی زمین پر نہ گرے، الفاظ یہ ہیں۔

نویت الشفاء من علت المرض

اس کے علاوہ ایک دوسرے کاغذ پر یہی الفاظ لکھ کر اور موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں اس طریق سے ڈالیں کہ نقش دونوں پستانوں کے درمیان



رہے۔ یہ عمل تاشفاء یابی مکمل جاری رہے گا۔ پانی ختم ہوجائے تو دوبارہ بنالیں۔ طریقہ وہی ہے۔

## حصول اولاد

جس کسی کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو اور وہ اولاد کا خواہاں ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔ اس مقصد کے لئے دو رکعت نماز نفل اس طریق سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الم نشرح اور سورہ اخلاص گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام پھیرنے کے اکیس خرمے لے کر ان پر بسم اللہ شریف اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اپنی عورت کو دے۔ وہ ان میں سے ہر روز ایک خرمہ باطہارت حالت میں کھالیا کرے۔ لیکن حیض اور ناپاکی کی حالت میں پرہیز کرے اکیس یوم مکمل ہونے پر اور بعد از طہارت غسل حیض کے اپنے شوہر سے ہم بستر ہو۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت حمل ٹھہر جائے گا۔ اس کے بعد روزانہ درود شریف تاج سات مرتبہ پڑھ کرتا ولادت بچہ، عورت کے اوپر دم کیا کرے تاکہ حمل میں کوئی خلل نہ واقع ہو اور اولاد صالح سے اللہ تعالیٰ ہمکنار کرے۔ دوران حمل درود شریف تاج سات مرتبہ پڑھ کر پانی بھی دم کر کے بنالیں۔ عورت اس پانی کو نہار منہ ایک کپ پی لیا کرے۔ پانی ختم ہونے پر دوبارہ بنالیں یا روزانہ بنا سکیں تو ایک کپ پانی روزانہ بنالیا کریں۔ اس سے دوران حمل عورت ہر قسم کی تکالیف سے محفوظ و مامون رہے گی۔

Qureshi RW

# درد چشم

درد چشم کے لئے ذیل کا عمل شافی وکافی ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے الفاظ کسی سفید کاغذ پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران وگلاب سے لکھیں اوران پر بسم اللہ شریف اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اوراس کاغذ کو درد والی آنکھ کے اوپر رکھ کر باندھ دیں۔ انشاء اللہ اس عمل سے درد کافور ہو جائے گا اور آنکھ کو مکمل آرام آجائے گا۔ الفاظ یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ محمد احمد مصطفیٰ مرتضیٰ

# ہر بیماری کے لئے

ہر قسم کی بیماری سے شفاء کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر درود شفاء اور بسم اللہ شریف گیارہ مرتبہ لکھیں اور اس کاغذ کو شہد کے پانی سے دھو کر کسی بوتل میں محفوظ کرلیں۔ اس پانی پر درود شفاء ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور یہ پانی صبح نہار منہ، دوپہر، شام اور رات کو چار مرتبہ تین تین گھونٹ مریض کو پلائیں۔ پلاتے وقت یہ الفاظ پڑھیں۔ ”نویت الشفاء من علت المرض خبیثہ۔“

انشاء اللہ چند یوم میں مرض سے مکمل چھٹکارا مل جائے گا۔ مریض پر روزانہ درود شریف شفاء مع بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سات مرتبہ پڑھ کر دم بھی کریں۔



# بیماری سے شفاء

جو کوئی شخص بیمار ہو اور علاج سے تنگ آچکا ہو تو ایسے میں بزرگان دین کا آزمودہ ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں اوّل وآخر درود شریف شفاء اور بسم اللہ شریف گیارہ گیارہ مرتبہ تین مرتبہ پڑھ کر بیمار کے اوپر صبح وشام دم کرنے سے چند یوم کے اندر اندر شفاء کاملہ مل جاتی ہے۔

# نسیان کا علاج

نسیان کے مرض میں مبتلا لوگوں کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لئے بعد از نماز عشاء نہایت خشوع وخضوع کے ساتھ درود پاک ایک سو ایک مرتبہ اور ۹۰۰ بار بسم اللہ شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کریں۔ اکیس یوم کے عمل سے مرض نسیان سے بفضل تعالیٰ نجات مل جائے گی۔

# آنکھوں میں پانی آنا

جس کسی کی آنکھوں میں کام کرتے وقت یا پڑھائی لکھائی کے وقت پانی بھر آتا ہو اور اس کی وجہ سے کام کاج یا پڑھائی لکھائی میں سخت دقت ہوتی ہو تو ایسے میں اس سے شفاء کے لئے ذیل کا عمل مفید اور نافع ہے۔

Oureshi RW

اس مقصد کے لئے خالص عرق گلاب لے کر اس پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر اوّل وآخر درود شریف سات سات مرتبہ اور ایک سو ایک مرتبہ بسم اللہ یابصیر پڑھ کر دم کریں اور اس عرق گلاب کے دو دو قطرے صبح وشام رات کو آنکھوں میں ڈالیں۔ چند یوم کے اندر آنکھوں سے پانی بہنا بند ہو جائے گا اور بینائی تیز ہو جائے گی۔

## تمام امراض سے شفاء

جو شخص ہر قسم کے امراض سے تا زندگی شفاء اور نجات چاہتا ہے وہ شخص رات کو تہجد کی نماز کے بعد بسم اللہ شریف کا گیارہ سو مرتبہ ورد کر کے اپنے اوپر دم کیا کرے اور اس کا پانی بنا کر پیا کرے۔ اس عمل سے ہر بیماری سے نجات مل جائے گی اور روزانہ کے عمل سے کسی بھی بیماری میں مبتلا نہ ہوگا۔

## بانجھ پن کا علاج

بانجھ پن میں مبتلا عورتوں کے لئے ذیل کا عمل اکسیر اعظم ہے۔

اس مقصد کے لئے چالیس یوم تک بلا ناغہ بسم اللہ شریف کا باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر تین سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس عورت کو بھی دم کریں۔ یہ دم کیا ہوا پانی وہ عورت نہار منہ پی لیا کرے۔ یہ عمل روزانہ کرنا ہے۔ انشاء اللہ چالیس یوم کے اندر اندر یہ مرض ختم ہو جائے گا اور وہ عورت بفضل تعالیٰ حاملہ ہو کر بچے کو جنم دے گی۔



## لاعلاج مرض کے لئے

لاعلاج امراض کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے ایک بوتل سرسوں کا خالص تیل لیں۔ اس پر باوضو حالت میں ایک سو ایک مرتبہ درود شفاء، سورہ کافرون مع بسم اللہ شریف، ایک ہزار مرتبہ اس طریق سے پڑھیں کہ ایک تسبیح سورہ کافرون پڑھنے کے بعد ایک سو ایک مرتبہ درود شفاء پڑھ کر دم کر لیں اور تیل کو محفوظ کر لیں۔ علاج کا طریقہ یہ ہے کہ ایسے مریض کے کان میں دو دو قطرے صبح وشام ڈالیں اور جس جس جگہ بیماری کا زور ہو وہاں نیم گرم تیل کی ہلکی ہلکی مالش کریں۔ مریض کو جس وقت بھی دوائیں دیں اس پر سات مرتبہ بسم اللہ شریف اور درود شریف شفاء پڑھ کر دیں۔ نیز کھانے پینے کی اشیاء پر بھی ایک سے تین مرتبہ درود شریف شفاء پر دم کر کے دیں۔ انشاء اللہ اکتالیس یوم کے عمل سے ماسوائے موت کے ہر شے سے بہ فضلہ شفاء حاصل ہوگی اور ڈاکٹروں حکیموں سے نجات مل جائے گی۔

## خونی وبادی بواسیر کے لئے

جو افراد خونی یا بادی بواسیر میں مبتلا ہوں تو ان کے لئے لازم ہے کہ وہ سات روز تک گیہوں کے آٹے کی روٹی پکا کر اس پر درود پاک سات مرتبہ لکھ کر اس پر گیارہ مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر دم کر کے کھایا کریں۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت سے اس موذی مرض سے نجات مل جائے گی۔

Oureshi RW

## حصولِ اولاد

حصولِ اولاد کے واسطے ۱۲ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور اسم الٰہی یا باری کا ذکر بلاناغہ بعد از نماز عشاء دو سو بار کرے۔ انشاء اللہ اولاد کی نعمت سے سرفراز ہوگا۔ بسم اللہ شریف چاندی کے پترے پر تحریر کر کے سونے والے کمرے میں اونچی جگہ پر لٹکا دیں۔ نئے چاند سے اس عمل کو شروع کریں۔ میاں بیوی دونوں روزانہ سورہ مزمل چالیس مرتبہ پڑھیں۔ چالیس دن کا چلہ ہے۔

## کمزوری حافظہ

جس کا حافظہ کمزور ہو ۲۲۶ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر روٹی کے ٹکڑے پر دم کرے اور پھر ایک مرتبہ اس کو روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر سات دن نہار منہ کھلائے۔

اس کے علاوہ سورہ الم نشرح مع بسم اللہ شریف لکھ کر گھول کر پلانا حفظ قرآن کے لئے اور تحصیل علم کے لئے خاص مفید ہے۔

## فرزند نرینہ

جس عورت کے ہاں اکثر لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں اسے چاہئے کہ جب حمل ڈھائی مہینے کے قریب ہو اور پورے تین ماہ نہ گزرے ہوں تو صبح کی نماز کے بعد باوضو اوّل درود شریف پڑھے پھر ۲۲۶ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الحمد



شریف پھر سورہ بقرہ کی پہلی آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے حاملہ کو پلائیں۔ یہ عمل کم از کم سات بار کریں۔

## بچے کا رونا

جو بچہ بظاہر تندرست نظر آئے مگر روتا بہت ہو اس کے گلے میں بسم اللہ شریف تحریر کر کے ڈال دیں۔ اللہ تعالیٰ برے اثرات دور کر دے گا اور بچے کا رونا بند ہو جائے گا۔

## موذی جانور سے حفاظت

جو شخص صبح و شام ۲۱ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ تین تین مرتبہ پڑھ لے گا تو وہ حشرات الارض سے محفوظ رہے گا۔

## سانپ اور بچھو سے بچاؤ

جو شخص صبح و شام ۳۳ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ کو پڑھنے کا معمول بنا لے گا وہ سانپ اور بچھو کے ضرر سے محفوظ رہے گا۔

## سانپ کا ڈسنا

جھاڑنے والا اس شخص سے جسے سانپ یا بچھو نے کاٹ لیا ہو پوچھے کہ درد کس جگہ ہے۔ جہاں وہ بتائے اس جگہ پر ایک چھری رکھ کر ۶ بار بسم اللہ

الرحمن الرحیم۔ پڑھے۔ پھر اس چھری سے بدن کو سہلاتا ہوا چھری نیچے کی جانب لائے اور اس دوران بار بار اس کو پڑھتا رہے یہاں تک کہ درد اوپر سے اتر کر نیچے کو آجائے۔ :ب درد بالکل نیچے کو آجائے تو اسے منہ سے چوس کر تھوک دے۔ انشاءاللہ زہر جاتا رہے گا۔

## بچھو کا ڈنک مارنا

جس شخص کو بچھو نے ڈنک مار لیا ہو اگر وہ فوراً بسم اللہ شریف پڑھ لے تو زہر اثر نہیں کرے گا۔

## کتے کا کاٹ لینا

اگر کسی کو کتے نے کاٹ لیا ہو تو بسم اللہ شریف کسی نئے برتن پر لکھ کر روغن زیتون سے دھو کر اس کو پلائے تو انشاءاللہ کتے کا زہر ختم ہو جائے گا۔

## سر درد کے لئے

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو یہ حروف لکھ کر سر میں باندھ دے تو انشاءاللہ درد جاتا رہے گا۔ ۷۸۶ د م ہ م ل ہ

## درد شقیقہ کے لئے

جس کے آدھے سر میں درد ہو اس پر ایک سو گیارہ مرتبہ بسم اللہ



الرحمن الرحیم۔ پڑھ کر دم کیا جائے تو انشاءاللہ درد جاتا رہے گا۔ بہت مجرب ہے۔

## درد ابرو

اگر کسی کے ابرو میں درد ہو تو ۳ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھ کر دم کیا جائے۔

## ضعف دماغ

دماغ کی کمزوری کے واسطے ۶۶ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ روزانہ اور بعد نماز فجر دس مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

## نسیان کا علاج

ہر فرض نماز کے بعد ۶۶ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اور سو مرتبہ اَلرَّحْمٰنُ پڑھنے سے نسیان دور ہو جاتا ہے۔

## بے خوابی

بے خوابی دور کرنے کے لئے سوتے وقت سات سو مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھی جائے۔

Qureshi RW

# زیادہ نیند آنا

اگر کسی کو بہت زیادہ نیند آتی ہو تو سوتے وقت بسم اللہ شریف سو بار پڑھ لے تو انشاء اللہ کم نیند آئے گی۔

# مرگی سے نجات

مرگی کے مریض کے سر میں بسم اللہ شریف تین بار لکھ کر باندھنا مفید ہے۔

# سرسام سے نجات

سورہ عنکبوت روغن بلسان پر مع بسم اللہ گیارہ بار دم کر کے سر میں لگانے سے انشاء اللہ سرسام کا مرض ختم ہو جائے گا۔

# جنون سے نجات

سورہ معوذتین سات کنوؤں کے پانی پر ٦٦ بار اور بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کو پ یں۔

# ہذیان کا خاتمہ

مریض کے سر میں بسم اللہ شریف لکھ کر باندھی جائے تو انشاء اللہ اس کا ہذیان دور ہو جائے گا۔



# مالیخولیا کا علاج

جسے وہم کی بیماری ہو اس پر ہر نماز کے بعد ٦ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ گیارہ مرتبہ معوذتین اور گیارہ مرتبہ سورہ یاسین پڑھ کر دم کریں۔

# آشوب چشم

نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان سورہ ملک مع بسم اللہ پڑھ کر دم کرنا آشوب چشم کے واسطے بہت مفید ہے۔

٦ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اور تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر آنکھوں پر دم کیا جائے تو انشاء اللہ ناخونہ ختم ہو جائے گا۔

# موتیا بند کا علاج

ہر فرض نماز کے بعد ٦٦ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھ کر انگلی پر پھونک مار کر آنکھوں پر پھیرا جائے تو موتیا بند کے واسطے مفید ہے۔

# آنکھ کے زخم کے لئے

٢١ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اور سورہ حمزہ پڑھ کر آنکھوں کے زخم پر دم کریں تو انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

Qureshi RW

## رتوندا کا علاج

اگر کسی کو رتوندا ہو گیا ہو تو ۶۶ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اور سورہ قیامہ سر پر دم کر کے اس کی آنکھوں میں لگائیں تو انشاء اللہ مرض دور ہو جائے گا۔

## ضعف بصر

ہر فرض نماز کے بعد اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اور ۶۶ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔اور گیارہ بار یَانُوْرُ یَاحَفِیْظُ پڑھ کر انگشت شہادت پر پھونک مار کر آنکھوں پر پھیر لیں ۔ضعف بصر لے کے لئے مفید ہے۔

## درد کان

اگر کسی کے کان میں درد ہو تو ۶ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سرسوں کے تیل پر پڑھ کر کان میں ٹپکایا جائے تو درد جاتا رہے گا۔

## موذی جانور سے حفاظت

محرم کی پہلی تاریخ کو ۶۶ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھ کر یا دم کر کے پانی سارے گھر میں چھڑک دیا جائے تو وہ گھر سانپ، بچھو اور تمام موذی جانوروں سے محفوظ رہے گا۔



## سانپ ڈس لے

جسے سانپ نے کاٹ لیا ہو اگر وہ فوراً بسم اللہ شریف پڑھ لے تو انشاء اللہ سانپ کا زہر اثر نہیں کرے گا۔

## بچھو کا ڈنک مارنا

اگر کسی کو بچھو نے کاٹ لیا ہو تو ۶ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھ کر جھاڑنا مفید ہے۔

## بچھو کا ڈنک مارنا

اگر کوئی ۴۴ بار بسم اللہ شریف بور لگنے (جب آم کے درخت پر پھول لگتے ہیں) کے موسم میں پڑھ لے تو اس کو بچھو ڈنک مار ہی نہیں سکتا۔

اگر چہ وہ بچھو کو ہاتھ میں بھی پکڑ لے اور اگر مارے تو اس سے کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔

## کتے کے حملے سے بچنا

اگر کسی کے اوپر کتا حملہ کرے تو گیارہ مرتبہ بسم اللہ پڑھ لے تو انشاء اللہ اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

Qureshi RW

## سر درد کے لئے

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو ٦ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ پڑھ کر اس کے حروف کو کسی پاک لکڑی یا جگہ پر لکھ کر پہلے حرف کو کسی میخ سے دبایا جائے اور دباتے وقت بسم اللہ پڑھتا رہے۔

اگر درد ختم ہو جائے تو یہ عمل چھوڑ دیا جائے اور اگر پہلے حرف پر درد ختم نہ ہو تو اسی طرح دوسرے حرف پر کیا جائے یہاں تک کہ درد ختم ہو جائے۔ اس عمل کے دوران جس کے سر میں درد ہے وہ اپنے ہاتھ سے سر کو پکڑے رہے۔ انشاء اللہ انہیں حروف میں سے کسی پر آ کر درد ختم ہو جائے گا۔

## آدھے سر کا درد

جس کے آدھے سر میں درد ہو اس کو بسم اللہ زعفران سے کپڑے پر لکھ کر باندھنے سے درد جاتا رہے گا۔

## لڑکا پیدا ہو

اگر کسی کے گھر لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اور وہ لڑکے کے خواہش مند ہوں تو وہ حمل کے پہلے یا دوسرے یا تیسرے مہینے بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ کو لکھ کر عورت کی کمر میں باندھ دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔



## بانجھ پن سے نجات

اگر کوئی شخص بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ لکھ کر اس عورت کو جس کے اولاد نہ ہوتی ہو، دے اور وہ اس کو موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈالے تو انشاء اللہ تعالیٰ اسی مہینے وہ عورت حاملہ ہوگی۔

## حمل کا گرنا

اگر کسی عورت کا حمل ہر بار گر جاتا ہو تو بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ لکھ کر حمل کے زمانے میں عورت کی کمر سے باندھ دیں۔ انشاء اللہ حمل برقرار رہے گا۔

## سوکھے کا مرض

جن بچوں کو سوکھے کا مرض ہو جاتا ہے اور وہ سوکھ کر کانٹا ہو جاتے ہیں اور مر جاتے ہیں، ان بچوں کے گلے میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ لکھ کر ڈال دیا جائے تو انشاء اللہ محفوظ رہیں گے۔

## دل کی گھبراہٹ کیلئے

جس شخص کو اختلاج قلب یا دل کی دھڑکن کی شکایت ہو تو اس عبارت کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالے کہ تعویذ دل تک آ جائے یعنی دل پر پڑا رہے،

Qureshi RW

عبارت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ

## بواسیر سے نجات

جس شخص کو بواسیر کی شکایت ہو تو پیر کی صبح یا جمعہ کی صبح کو لکھ کر موم جامہ کر کے کمر میں اس طرح باندھے کہ تعویذ پشت پر رہے۔ وہ عبارت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔یارحیم یارحیم وصلی اللہ علٰی خیر خلقہ محمد وآلہٖ واصحابہٖ اجمعین۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔

## نظر بد اور بخار

جس کسی کو نظر بد لگ گئی ہو اور ساتھ بخار بھی ہو گیا ہو تو چاہئے کہ مغرب یا عشاء کے بعد مریض کو چارپائی پر لٹا کر اس کے داہنے کان میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ اس کے بعد مریض کو کروٹ بدلوا کر مریض کے بائیں کان میں چاروں قل شریف دو دو مرتبہ پڑھ کر مریض کے کان میں دم کرے۔ اس کو تین روز تک وقت معینہ پر برابر کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظر بد اور اس کے ساتھ بخار بھی اتر جائے گا۔

## اختلاج قلب

جس شخص کو اختلاج قلب یا دل کی دھڑکن کی شکایت ہو تو بسم اللہ



الرحمن الرحیم۔ لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے اور اس کا ڈورا اتنا لمبا رکھا جائے کہ تعویذ مریض کے دل پر پڑا رہے۔

## ڈراؤنے خوابوں سے نجات

جو شخص ڈراؤنے خواب دیکھے اور ڈرے تو بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ کا تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے تو بدخوابی جاتی رہے گی۔

## چیچک سے نجات

اگر چیچک نکل آئے تو بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ لکھ کر دھو کر پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔

## مرگی سے نجات

منگل کے دن ایک مرغ سفید لے کر جس میں کسی اور رنگ کا دھبہ نہ ہو اور مرغ جوان ہو۔ اس کو ذبح کر کے اس کا خون چینی کے پیالے میں نکال کر نئے چاقو سے نئی قلم بنائے اور آفتاب نکلنے سے پہلے یہ تعویذ لکھے ا اسی وقت تانبے کے تعویذ میں جس میں کنڈے لگے ہوں بند کر کے نابالغ لڑکی سے چودہ تار سوت کے کتوا کر اس کا ڈورا ڈال کر مریض کی گردن میں ڈال دے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ تعویذ لکھنے والا، بیمار اور تانبے کا تعویذ بنانے والا سب کے سب روزہ سے ہوں، تعویذ یہ ہے۔

Qureshi RW

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یا غیاث یار جائی

مرگی کا مریض مرغ، انڈا، گوشت، مچھلی اور گائے کا گوشت، دودھ اور دہی وتیل سے پرہیز کرے اور کسی حالت میں پرہیز نہ توڑے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔

## مرگی کا خاتمہ

جس شخص کو مرگی کی شکایت ہو تو اس کو چاہئے کہ نیل ڈلی دار (اصلی نیل) سے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ لکھ کر موم جامہ کر کے بازو پر باندھے۔

## مرگی سے نجات

حروف مقطعات مع بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ کاغذ پر لکھ کر تانبے کے تعویذ میں رکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔

اسی کو پڑھ کر سات روز تک مریض کے بائیں کان میں دم بھی کرتا رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ مرگی سے نجات حاصل ہوگی۔

## سر درد سے نجات

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ لکھ کر سر پر باندھیں تو اس کی برکت سے سر درد ختم ہو جائے گا۔



## تپ لرزہ کے لئے

طہارت کامل کے سات بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ کے تین نقش تیار کرے۔ ایک پانی میں گھول کر مریض کو پلائے۔ دوسرا اس کے بازو سے باندھے اور تیسرا پھر تھوڑی دیر بعد گھول کر مریض کو پلا دے۔ انشاء اللہ چند دنوں میں صحت ہو جائے گی۔ مع بسم اللہ لکھیں۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۶۳ | ۲۶۴ | ۲۵۹ |
| ۲۵۸ | ۲۶۲ | ۲۶۶ |
| ۲۶۵ | ۲۶۰ | ۲۶۱ |

## پیچش کے لئے

پیچش خونی ہو یا سادہ دونوں کے لئے سورج نکلنے سے پہلے صبح نہار منہ ایک پیالی پانی پر بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ دم کر کے ایک ماہ تک پئیں۔ دم کیا ہوا پانی پینے کے بعد آدھ گھنٹہ تک کوئی چیز کھانا منع ہے۔

## پھوڑا، خارش سے نجات

چینی کی پلیٹ پر بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ کھانے کے زرد رنگ

Qureshi RW

سے لکھ کر پانی سے دھو کر پئیں اور بڑی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر ایک بالٹی پانی میں ڈال دیں اور اس پانی سے غسل کریں۔ گیارہ روز کا عمل ہے۔

## پیشاب میں خون آنا

پیشاب میں خون آنے یا جلن کی وجوہات بہت ہیں مثلاً گردوں یا مثانہ میں پتھری کی وجہ سے یہ شکایت لاحق ہو سکتی ہے۔ بہت زیادہ گرم چیزیں یا لال مرچ کھانے سے بھی اکثر پیشاب میں جلن ہو جاتی ہے۔

پیشاب کے امراض میں نقصان دہ چیزوں کے پرہیز کے ساتھ ساتھ ایک مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھ کر پانی پر دم کر کے دن رات میں آٹھ مرتبہ پلائیں۔

## پیشاب رک رک کر آنا

صبح سورج نکلنے سے قبل اور شام سورج غروب ہونے کے فوراً بعد گیارہ مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الملک القدوس الرحمٰن الرحیم پڑھ کر پیٹ پر پھونک ماریں۔ جب تک مکمل آرام نہ آئے علاج جاری رکھیں۔

## سوزاک اور آتشک سے نجات

جب بھی پانی پئیں بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھ کر پانی پر دم کر لیں اور یہی پانی پئیں۔



## تشخیص مرض

فجر کی اذان کے فوراً بعد بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ افتح افتح افتح سو مرتبہ پڑھ کر آنکھیں بند کر لیں اور اس مریض کا تصور کریں جس کے بارے میں معلومات حاصل کرنی ہیں۔ اس مرض کی کیفیت ذہن پر منکشف ہو جائے گی۔

اسی طرح اگر کسی مرض کا علاج معلوم کرنا ہو تو یہی عمل رات کو سونے سے پیشتر شمال کی طرف منہ کر کے پڑھیں اور کسی سے گفتگو نہ کریں اور سو جائیں۔ جب تک علاج کے متعلق پتہ نہ چلے عمل روزانہ کرتے رہیں۔ خواب میں یا کسی بھی طریقہ سے پتہ چل جائے گا۔

## ٹی بی کا علاج

تین پلیٹوں پر بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ لکھ کر صبح، شام اور رات کو ایک ایک پانی سے دھو کر نوے دن تک پلائیں۔ ٹی بی کے علاج میں یہ عمل بہت مجرب ہے۔

ایک کاغذ پر بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ لکھ کر تعویذ بنا لیں اور عورتیں گلے میں اور مرد بازو پر باندھیں۔ اس کے علاوہ کاغذ یا پلیٹوں پر لکھ کر پانی سے دھو کر نہار منہ پئیں۔ جگر یا گردوں کی خرابی سے اگر جسم پر ورم آ جائے تو وہ بھی اس علاج سے ختم ہو جاتا ہے۔

Oureshi RW

## بے روزگاری سے نجات،

اگر کوئی شخص بے روزگاری سے پریشان ہو یا کاروبار بندش کا شکار ہو یا اکثر کام طرح طرح کی رکاوٹوں کے سبب نہ ہوتے ہوں تو اس کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔ نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات کو نماز عشاء کے بعد اکتالیس روز یہ عمل کریں۔

عشاء کی نماز پڑھ کر باوضو قبلہ رخ پاک مصلے پر بیٹھ کر روزانہ دو ہزار پانچ سو (۲۵۰۰) بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ پڑھیں اکتالیس روز مسلسل اور بلا ناغہ پڑھنے کے بعد پھر تمام زندگی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۱۹ مرتبہ پڑھنی ہے تاکہ عمل قابو میں رہے اور اس کے اثرات زائل نہ ہوں اکتالیسویں روز عمل ختم ہونے کے بعد اگلے دن ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

الگ الگ حروف میں لکھیں۔ اس دن نفلی روزہ بھی رکھیں اور روزہ کی حالت میں لکھیں۔ بسم اللہ شریف کو الگ الگ حروف میں س طرح لکھیں۔

ب س م ال ل ہ ال ر ح م ان

ال ر ح ی م

اس کے بعد اس کے نیچے یہ عبارت لکھیں۔

ھٰذَا مَکْتُوْبٌ مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِیْلِ الْفَقِیْرِ۔ (یہاں اپنا نام اور والدہ کا نام لکھیں) اِلَی الْمَوْلَی الْجَلِیْلِ الْکَبِیْرِ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ



اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ۔ اَللّٰھُمَّ بِحُرْمَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَکْشِفْ ضُرِّیْ وَاَغْنِ فَقْرِیْ وَاَجَابَ کَسْرِیْ وَاَزِلْ ھَمِّیْ وَغَمِّیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط

پھر اس کاغذ کا تعویذ بنا کر اسے لمبا موڑ کر ایک بانس کی نلکی میں ڈال دیں اور بانس کے دونوں سروں پر موم لگا دیں۔ اس بانس کے ٹکڑے کو پتھر سے باندھ کر دریا، نہر، تالاب، جھیل یا سمندر میں ڈال دیں۔

اس کے بعد میٹھے چاول پکا کر گیارہ کم عمر معصوم بچوں کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ماہ کے اندر اندر اللہ تعالیٰ کی طرف سے غیبی مدد آئے گی اور رکے ہوئے کام چل جائیں گے۔ کاروبار میں زبردست ترقی ہوگی، بے روزگاری دور ہو جائے گی۔ غیبی نصرت ظہور میں آئے گی جس کی پہلے کبھی امید ہی نہ تھی۔

## چہرہ بچکانہ ہونا

اس کے لئے چاہئے کہ سورج طلوع ہونے سے پہلے اور رات کو سوتے وقت وضو کر کے بسم اللہ شریف کے بعد ایک ہزار مرتبہ یا شافی پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کریں اور ہاتھ چہرے پر پھیر لیں۔ علاج کی مدت کم سے کم تین ماہ اور زیادہ سے زیادہ چھ مہینے ہے۔

## جریان سے نجات

جریان کے لئے سو بار بسم اللہ الوحمن الوحیم۔ پڑھ کر ایک پیالی

Qureshi RW

پانی پر دم کریں اور صبح نہار منہ سورج نکلنے سے پہلے شمال رخ بیٹھ کر ایک ایک گھونٹ کر کے تین گھونٹ میں پی لیں۔ قابض اور گرم اشیاء سے پرہیز رکھیں۔

## دودھ کی کمی

کسی ایسی صاف لکڑی پر جس میں بدبو نہ ہو، بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ لکھ کر لکڑی میں سوراخ کر کے جانور کے گلے میں لٹکا دیں۔ انشاء اللہ دودھ میں زیادتی ہوگی۔

## ہر مرض سے نجات

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ لکھ کر مریض کے بازو یا گلے میں باندھو تو ہر مرض اور درد کے لئے مجرب ہے۔

## حفاظت زہر

جس چیز یا طعام میں زہر یا ضرر کا خطرہ ہو اسے کھانے سے پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھ کر کھانا شروع کرے تو ہر قسم کے زہر کے اثر اور ضرر کے خدشہ سے محفوظ رہے گا۔

## تلی بڑھ جانے کیلئے

جس شخص کی تلی بڑھ گئی ہو تو اس کو چاہئے کہ بسم اللہ الرحمن



الرحیم۔ کو لکھ کر موم جامہ کر کے تعویذ بنا کر تلی والے مریض کے گلے میں ڈالے اور ڈورا اتنا لمبا ہو کہ تعویذ تلی کی جگہ پر پڑا رہے۔

اس کی برکت سے تلی کا ورم جاتا رہے گا اور مریض اچھا ہو جائے گا۔

## حافظہ کی زیادتی کے لئے

جس بچے کا حافظہ کمزور ہو اس کو چاہئے کہ جمعرات کے دن سورج نکلتے ہی مشتری کی ساعت میں اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف اور اکتالیس بار سورہ فاتحہ اس طرح پڑھی جائے کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ کی میم کو الحمد کے لام کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے اور اکتالیس بار ختم کرنے کے بعد ایک پاؤ میٹھی کھیلوں پر دم کر دیا جائے اور روزانہ نہار منہ ان کھیلوں میں سے سات یا نو دانہ اس بچے کو کھلا دیں جس کا حافظہ کمزور ہو۔ انشاء اللہ حافظہ قوی ہو جائے گا۔

## دکھتی آنکھوں کے لئے

جس شخص کی آنکھیں دکھ رہی ہوں تو اس کو چاہئے کہ پانچوں نمازوں کے فرضوں کے بعد بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ کو سات مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں کے انگوٹھوں پر دم کر کے دونوں آنکھوں پر لگائے اور اگر اس کی آنکھیں درست ہیں تو دو وقتوں کے فرض یعنی نماز فجر اور بعد نماز مغرب اس آیت مبارک کو سات مرتبہ پڑھ کر مع اوّل و آخر تین بار درود شریف پڑھ کر ہاتھوں کے انگوٹھوں پر دم کر کے آنکھوں پر ملے۔

Qureshi RW

انشاء اللہ دکھتی آنکھیں تندرست ہو جائیں گی اور تندرست آنکھیں کبھی نہیں دکھیں گی۔

## شفائے ہر مرض

ایک کوری مٹی کے برتن پر سات مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھ کر پانی میں یا عرق گلاب میں دھو کر نہار منہ مریض کو پلائیں یہ عمل اکیس دن جاری رکھیں انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

## شفاء کے لئے مجرب ترین عمل

فجر کی سنت کے درمیان۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی "م" کو الحمد کے "ل" سے ملا کر ۳۷ بار پڑھیں اور پانی پر دم کر کے وہ پانی مریض کو استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ عمل کی مدت ۳۷ دن ہے۔

## کنٹھ مالا کا علاج

(والعیاذ باللہ تعالیٰ) سات تار نیلے سوت کی مریض کے قد کے برابر یعنی مریض کو کھڑا کر کے اس کی پیشانی کے بالوں سے ناخن پاؤں تک بالکل ٹھیک ناپے اور اس میں اکتالیس گرہ دے اور ہر گرہ پر

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

اور بسم اللہ پڑھے اور دم کرے اور گنڈہ بنا کر مریض کے گلے میں ڈالے،



باذنہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔

## عمل دافع دمبل

سات مرتبہ سورہ قریش معہ اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ شریف پڑھے اور دمبل کہ ہاتھ کی ہتھیلی میں نکلتا ہے اور کرمول کے درد پر دم کرے۔ بواسیر، پیچش خون آلود اور پرسوت اور سرخ باد کے واسطے پانی پر دم کر کے پلائے انشاء اللہ صحت ہوگی۔

## مرض مسان سے نجات

فجر کی سنت اور فرض کے درمیان ۲۷ بار اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ اکتالیس مرتبہ الحمد للہ مع وصل بسم اللہ یعنی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی میم کو الحمد میں ملا کر پڑھ کر مٹھائی یا پانی پر دم کر کے مسان کے مریض کو کھلایا جائے تو انشاء اللہ مرض جاتا رہے گا۔

## حافظہ کی زیادتی کیلئے

جس بچے کا حافظہ کمزور ہو اس کو چاہیے کہ جمعرات کے دن سورج نکلتے ہی مشتری کی ساعت میں اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور کتالیس بار سورہ فاتحہ اس طرح پڑھی جائے کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کی میم اور الحمد کے لام سے ملا کر پڑھا جائے اور اکتالیس بار ختم کرنے کے بعد اعوذ باللہ من

Qureshi RW

الشیطن الرجیم ۔۹۰۰ بار پڑھ کر ایک پاؤ میٹھی کھیلوں پر دم کر دیا جائے ۔اور روزانہ نہار منہ ان کھیلوں میں سے سات یا نو دانہ اس بچے کو کھلا دیں جس کا حافظہ کمزور ہو۔انشاء اللہ حافظ قوی ہو جائے گا۔

## یرقان کا خطرہ

جسم میں خون کی کمی دور کرنے کے لئے ایک سو مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ۔اور تین مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر پانی، شربت یا دودھ یا جو بھی مشروب پئیں اس پر دم کر کے پی لیں۔ جب خون کی کمی دور ہو جائے تو یہ عمل ترک کر دیں۔

## پاگل پن کا علاج

دماغی توازن خراب ہونے کی کوئی بھی وجہ ہو۔علاج ایک ہی ہے، وہ یہ ہے کہ جب بھی پانی پئیں گیارہ مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پڑھیں اور پھر بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کر کے پئیں ۔اگر مریض کی حالت اتنی خراب ہو کہ وہ خود یہ عمل نہ کر سکے تو اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ۔مع تعوذ زعفران اور عرق گلاب سے ایک پلیٹ پر لکھ کر صبح نہار منہ پلائیں۔

## زخموں کے نشانات

جسم پر داغ اور دھبے چاہے وہ زخم کے ہوں یا جلنے کے ہوں، ان سب



کے لئے صبح سورج نکلنے سے پہلے اور رات کو سونے سے پہلے ایک سو بار اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ۔اور بسم اللہ شریف کے بعد ایک ہزار مرتبہ یا شافی پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کریں اور نشانوں پر پھیر لیں۔ ساتھ ہی جب بھی کوئی پانی یا مشروب پئیں گیارہ مرتبہ یا شافی پڑھ کر اس پر دم کر کے پئیں۔

## سر درد

جس کے سر میں درد ہو تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

تین دن ہر روز صبح و شام سر کو پکڑ کر تین تین مرتبہ سورہ اخلاص، سورہ فلق، سورہ ناس معہ بسم اللہ شریف پڑھ کر پھونک لگا دیں۔ بعد از اس کے تین بار پھونک جسم کے چاروں طرف لگائیں۔ انشاء اللہ اس عمل سے درد سر ہمیشہ کے لئے کافور ہو جائے گا۔

## قولنج کے لئے

قولنج کے مرض میں مبتلا مریضوں کے لئے ذیل کا عمل بے حد شافع ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ایک کاغذ پر سورہ فاتحہ، سورہ اخلاص اور معوذتین بمعہ بسم اللہ شریف زعفران و گلاب سے لکھیں۔ پھر یہ کلمات لکھیں۔

أَعُوذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْكَرِيْمِ وَبِعِزَّتِهِ الَّتِي لَاتُرَامُ وَ
بِقُدْرَتِهِ الَّتِي لَا يَمْتَنِعُ مِنْهَا شَيْءٌ مِنْ شَرِّ هٰذَا

Qureshi RW

الْوَجْعَ وَمِنْ شَرِّ مَا فِيهِ وَمِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ مِنْهُ۔

پھر اس کو بارش کے پانی سے (بصورت دیگر نل کے تازہ پانی سے) دھو کر اس پانی کو مریض کو نہار منہ اور سوتے وقت پلائیں۔ بہت ہی نافع اور آزمودہ نسخہ ہے اس عمل کو تا مکمل شفاء جاری رکھیں۔

# مرض سودا کا علاج

مرض سودا میں مبتلا مریض کے لئے ذیل کا علاج نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے اوّل وآخر درود پاک تین تین بار اَللّٰھُمَّ صَلِّی وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی آلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔ سورہ فاتحہ گیارہ بار۔ سورہ اخلاص گیارہ بار بمعہ تعویذ اور بسم اللہ شریف کے پڑھے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں انشاء اللہ اکتالیس یوم کے عمل سے مریض مکمل شفایاب ہوجائے گا اور مرض ہمیشہ کے لئے ختم ہوجائے گا۔

# تپ دق کا علاج

مایوس العلاج تپ دق اور ٹھہرے ہوئے بخار کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے مٹی کے کورے برتن میں تازہ پانی بھر کر اس پر سورہ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف اس طرح پڑھیں کہ بسم اللہ شریف کی میم الحمد کی لام سے



ملا کر ملحمد پڑھا جائے۔ ایک سو مرتبہ، معوذتین گیارہ گیارہ مرتبہ۔ آیت

قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰی اِبْرٰهِیْمَ۔

(سورۃ انبیاء ۲۱ آیت ۶۹)

گیارہ مرتبہ اوّل وآخر درود شفا گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس پانی کو دم کر کے رات بھر شبنم میں پڑا رہنے دیں علی الصبح نماز فجر کے فوری بعد اور طلوع آفتاب سے پہلے پہلے مریض کو جس قدر زیادہ سے زیادہ پانی پلا سکیں پلائیں۔ پھر آدھ گھنٹہ تک اسے کوئی غذا نہ دیں اس کے بعد جو جی میں آئے مریض غذا کھائے اور پیئے سارا دن اور ساری رات اسی پانی سے بوقت ضرورت پانی پیئے۔ ہر روز نیا پانی بنا کر رکھیں۔ پچھلا بچا ہوا پانی اگلے دن کسی پاک جگہ پر جہاں پاؤں نہ پڑے گرا دیں۔

انشاء اللہ چالیس یوم کے اندر اندر اس عمل کی بدولت مرض ہمیشہ کے لئے رفع ہوجائے گا۔ مریض مکمل صحت یاب ہوجائے گا اور مرض بھی آئندہ لاحق نہ ہوگا۔ مٹی کا برتن چالیس روز تک یہی استعمال میں رہے گا۔

# بچے کی پسلی کیلئے

جس بچہ کی پسلیاں چلتی ہو اس کے لئے ذیل کا عمل شافع ہے۔

اس مقصد کے لئے پانچ کنکریاں نمک لاہوری یا سانبھر کی چنے کے برابر لے کر ان پر سورہ ناس معہ بسم اللہ تین تین مرتبہ پڑھ کر باری باری دم کرے۔

Qureshi RW

# بخار کا علاج

جس کسی کو نظر بد لگ گئی ہو اور ساتھ ہی بخار بھی ہو گیا ہو تو چاہیے کہ مغرب یا عشاء کے بعد مریض کو چار پائی پر لٹا کر اس کے داہنے کان میں اس آیت مبارکہ کو اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ ایک مرتبہ بسم اللہ شریف کے ساتھ اور بیس مرتبہ بغیر بسم اللہ کے۔ کل تعداد اکیس مرتبہ ہو گی۔ اس کے بعد مریض کو کروٹ بدلوا کر مریض کے بائیں کان میں چاروں قل شریف دو دو مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ اس کو تین روز تک وقت معینہ پر برابر کیا جائے۔ آیت مبارکہ یہ ہے

**بسم اللّٰه الرحمن الرحيم. افحسبتم انما خلقنكم عبثا و انكم الينا ترجعون. فتعلى اللّٰه الملك الحق لا اله الا هو رب العرش الكريم. ومن يدع مع اللح الهاً آخره لا برهان له به فنما حسابه عند ربه انه لا يفلح الكفرون. وقل رب اغفر وار حم وانت خير الراحمين.**

انشاءاللہ تعالیٰ نظر بد اور اس کے ساتھ بخار بھی اتر جائے گا۔

# مرگی سے نجات

منگل کے دن ایک مرغ سفید لے کر جس میں کسی اور رنگ کا دھبہ نہ ہو اور مرغ جوان ہو۔ اس کو ذبح کر کے اس کا خون چینی کے پیالے میں نکال کر نئے چاقو سے نئی قلم بنائے اور آفتاب نکلنے سے پہلے یہ تعویذ لکھے اور اسی وقت



تانبے کے تعویذ میں جس میں کنڈے لگے ہوں بند کر کے نابالغ لڑکی سے چودہ تار سوت کے کتوا کر اس کا ڈورا ڈال کر مریض کی گردن میں ڈال دے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ تعویذ لکھنے والا، بیمار اور تانبے کا تعویذ بنانے والا سب کے سب روزہ سے ہوں۔ تعویذ یہ ہے۔

**بسم اللّٰه الرحمن الرحيم. يا غياثى عند كل كريته يا مجلبى عند كل دعوة و معاذى عند كل شدة يار جائى حين تنقطع حيلتى**

مرگی کا مریض مرغ، انڈا، گوشت، مچھلی، گائے کا گوشت، دودھ اور دہی و تیل سے پرہیز کرے اور کسی حالت میں پرہیز نہ توڑے۔ انشاءاللہ تعالیٰ شفا ہو گی۔

# برائے استخارہ

جب کوئی مشکل پیش آئے تو استخارہ کرنا مسنون ہے۔ بہتر یہی ہے کہ جو طریقے استخارہ کے حدیث اور اقوال مشائخ سے ثابت ہیں، انہی کے موافق کرے۔

مشائخ سے منقول ہے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھے۔ بعدہٗ چار رکعت بہ نیت استخارہ پڑھے۔ رکعت اول میں بعد فاتحہ کے سورہ والشمس، دوسری میں واللیل، تیسری میں والضحیٰ اور چوتھی میں الم نشرح، ہر ایک کو سات سات بار پڑھے۔ پھر قبلہ رو ہو کر پاک بستر پر سو رہے۔ خواب میں معلوم ہو جائے گا۔ سات شب تک یہ عمل کرے۔

Qureshi RW

# ختم سورۃ فاتحہ

اگر کوئی شخص بلا میں مبتلا ہو یا اس کا کوئی عزیز رشتہ دار بیمار ہو اور اطبا اس کے علاج سے عاجز ہوں۔ ختم سورۃ فاتحہ پڑھے۔ بیمار بہت جلد شفا پائے گا۔ جمعہ کے روز صبح کی نماز پڑھنے سے پہلے بیٹھے۔ اسی طرح پر بسم اللہ پڑھے کہ رحیم کی میم الحمد کے لام سے مل جائے یعنی ملحمد زبان سے نکلے۔ اول روز الحمد ۶۲ مرتبہ، دوسرے دن ۵۲ مرتبہ، تیسرے دن ۴۲ مرتبہ، چوتھے دن ۳۲ مرتبہ، پانچویں دن ۲۲ مرتبہ، چھٹے دن ۱۲ مرتبہ اور ساتویں دن ۷ مرتبہ پڑھے۔

# بسم اللہ کی برکات

اگر کوئی انسان چاہے کہ میں دنیا کی نظروں میں مقبول ہوں اور ہر طرح کے فکر و غم سے آزاد رہوں اور میری ہر مشکل آسان ہو جائے تو پاک و صاف کپڑے پہن کر فجر کی اذان سے پہلے تہجد کے نفل پڑھ کر بسم اللہ شریف کو ۲۵۰۰ مرتبہ پڑھے۔ اس طرح اکیس دن تک متواتر پڑھے تو ہر مشکل آسان ہو جائے گی لیکن شرط یہ ہے کہ جگہ کو نہ بدلا جائے اور نہ ہی جائے نماز کو، صرف دو ہی کپڑے استعمال کرے۔ ایک چادر کمر میں باندھے اور ایک اوپر اوڑھے۔ دو چادریں سلی ہوئی نہ ہوں اور اپنے گرد آیت الکرسی اور درود شریف پڑھ کر لکیر کھینچے اور کسی ڈرانے والی چیز سے خوف نہ کھائے۔ اس کے بے شمار فائدے ہیں۔



# پیشاب کی رکاوٹ

صبح سورج نکلنے سے قبل اور شام سورج غروب ہونے کے فوراً بعد گیارہ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، الملک القدوس الرحمٰن الرحیم پڑھ کر پیٹ پر پھونک ماریں۔ جب تک مکمل آرام نہ آئے علاج جاری رکھیں۔

# تشخیص مرض

فجر کی اذان کے فوراً بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم فتح افتح افتح سو مرتبہ پڑھ کر آنکھیں بند کر لیں اور اس مریض کا تصور کریں جس کے بارے میں معلومات حاصل کرنی ہیں اس مرض کی کیفیت ذہن پر منکشف ہو جائے گی۔ اسی طرح اگر کسی مرض کا علاج معلوم کرنا ہو تو یہی عمل رات کو سونے سے پیشتر شمال کی طرف منہ کر کے پڑھیں اور کسی سے گفتگو نہ کریں اور سو جائیں۔ جب تک علاج کے متعلق پتہ نہ چلے عمل روزانہ کرتے رہیں۔ خواب میں یا کسی بھی طریقہ سے پتہ چل جائے گا۔

# حفاظت مکان

جس مکان میں جن یا شیاطین کا اثر ہو اس کے لیے پہلے غسل کرے پھر دو رکعت تحیۃ الوضو کی نیت سے نفل پڑھے اور پھر وہیں بیٹھے بیٹھے اس آیت مبارک کو سات مرتبہ کاغذ پر لکھے اور اس کو کسی گتے پر چسپاں کر کے مکان میں لٹکا دے۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

Oureshi RW

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ وانہ من سلیمان وانہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الا تعلو علی واتونی مسلمین

اگر جن وغیرہ کا اثر کسی آدمی پر ہو تو اس کے لیے بھی یہی آیت مبارکہ لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں لٹکا دے تو تمام بداثرات سے نجات مل جائے گی۔

## حافظہ کی حفاظت

جس بچے کا حافظہ کمزور ہو اس کو چاہیے کہ جمعرات کے دن سورج نکلتے ہی مشتری کی ساعت میں اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور اکتالیس بار سورہ فاتحہ اس طرح پڑھی جائے کہ الرحیم کی ''م'' کو الحمد کے ''لام'' سے ملا کر پڑھا جائے اور اکتالیس بار ختم کرنے کے بعد ایک پاؤ میٹھی کھیلوں پر دم کر دیا جائے اور روزانہ نہار منہ ان کھیلوں میں سے سات یا نو دانہ اس بچے کو کھلا دیں جس کا حافظہ کمزور ہو۔ انشاء اللہ حافظہ قوی ہو جائے گا۔

## انگلی کے درد کے لیے

اگر پاؤں کی انگلیوں میں درد ہو تو ایک سو ایک بار یہ آیت پانی پر دم کر کے پلائیں۔ انہ من سلیمان وانہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الا تعلو علی وئاتونی مسلمین.

## مسان سے نجات

فجر کی سنت اور فرض کے درمیان اکتالیس مرتبہ الحمد للہ مع وصل بسم اللہ



یعنی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی میم کو الحمد میں ملا کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیملحمد للہ پڑھ کر مٹھائی یا پانی پر دم کر کے مسان کے مریض کو کھلایا جائے تو انشاء اللہ مرض جاتا رہے گا۔

## ہر درد کے لیے

جسم کے کسی بھی مقام پر درد ہو تو درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ کر اس آیت شریفہ کو تین مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے تو انشاء اللہ فوراً آرام آ جائے گا۔ آیت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ وما ارسلنک الا مبشراً و نذیراً

## شب قدر اور بسم اللہ

یعنی چودھویں رات ۶۶ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر ہر دو آیات قطب کے اعداد ۲۴۰۳۹۰ کا نقش معشر یا مخمس سفید اصلی ریشم کے کپڑے پر زعفران و گلاب سے باشرائط قواعد عملیات لکھے۔ چاروں طرف آیات قطب معہ اس کے موکل لکھیں۔ بخور معطر کر کے ہرن کی سفید مدبوغ چرم میں تعویذ بنا کر اپنے پاس محفوظ رکھے تو کایا پلٹ جائے گی۔ تمام نکبتیں سعادتوں سے بدل جائیں۔ باغ میں کسی بے ثمر درخت سے باندھ دیں تو اس سال سب درختوں پر فوق البرکات نشوونما پائے۔ ضعیف و ناتواں رکھے تو لطف جوانی اٹھائے۔ دعائیں عبادتیں قبول ہوں، دشمن بھی دوست بن جائے غرض کہ دنیا و آخرت کی بہبودی نصیب ہو۔

Qureshi RW

## خارش کا علاج

خارش یا جذام کا مرض جس فرد کو ہو اس کو چاہیے کہ سورہ قدر کو مع بسم اللہ پڑھنا اپنا روزمرہ کا معمول بنالے۔ انشاءاللہ صحت یاب ہوگا۔ اس عمل میں وقت اور تعداد کی قید نہیں۔ جس قدر ہو سکے روزانہ پڑھے۔

## برائے یادداشت

قوت یادداشت اور حافظہ کمزور ہو تو اس کو بہتر بنانے اور طاقت دینے کے لیے سورہ الحمد شریف مع بسم اللہ چینی کی پلیٹ پر آب زمزم، زعفران اور مشک (اگر مل سکے) سے تحریر کر کے پی لی۔ یہ عمل متواتر چالیس یوم کرے۔

## کنویں کا پانی

کسی کنویں یا تالاب کا پانی میٹھا نہ ہو تو ۶۶ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، سورہ فاتحہ اور سورہ اخلاص ایک مقررہ وقت پر پڑھ کر کنویں یا تالاب پر پھونک دے۔ اللہ کی رضا ہوئی تو پانی میٹھا ہو جائے گا۔

## کتے کے کاٹے کے لیے

اگر کسی کو کتے نے کاٹ لیا ہو تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کسی نئے برتن پر لکھ کر روغن زیتون سے دھو کر اس کو پلائے تو انشاءاللہ کتے کا زہر ختم ہو جائے گا۔



## استخارہ تسبیح

تسبیح دونوں انگوٹھوں کی برابر والی انگلیوں سے پکڑ کر اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سات بار پھر یاعلی کی تکرار کرتا ہے اور دیکھے کہ اگر تسبیح آگے پیچھے زور زور سے ہلے تو اس کام کو کرنے کا اشارہ ہے اور دائیں بائیں ہلے تو انکار یعنی اس کام کو نہ کرنے کا اشارہ ہے۔

## جنون کا علاج

سورہ معوذتین سات کنوؤں کے پانی پر ۶۶ بار اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کو پلائیں۔ انشاءاللہ شفا ہوگی۔

## ہذیان کا خاتمہ

مریض کے سر میں یہ آیت لکھ کر باندھی جائے۔ انشاءاللہ اس کا ہذیان دور ہو جائے گا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم. لایؤخذکم اللہ باللغو فی ایمانکم.

## آشوب چشم سے نجات

نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان سورہ ملک مع بسم اللہ پڑھ کر دم کرنا آشوب چشم کے واسطے بہت مفید ہے۔

Qureshi RW

# مصائب کا حل

امید ہے کہ اس عمل کے بعد آپ اپنی ۸۰ فیصد پریشانیوں پر اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کے نزول سے قابو پالیں گے۔ جو لوگ تنگی اور ذلت کی زندگی بسر کر رہے ہیں، قرض سے پریشان ہیں، باوجود کوشش کے روزگار کا بندوبست نہیں ہو رہا، ملازمت میں ترقی نہیں ملتی، کاروبار میں ترقی نہیں ہوتی، بوجہ سحر کاروبار کی بندش ہو گئی ہو، کسی بچے یا بچی کا رشتہ نہ ہوتا ہو، خواہ کسی قسم کا مرض ہو جو باوجود علاج کے ٹھیک نہ ہوتا ہو اور علاوہ دیگر ہر قسم کی پریشانیوں یا مصائب میں گھرا ہوا ہو تو یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ غیب سے کامیابی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ اس عمل کو شروع کرنے سے پہلے نیاز وغیرہ ضرور دیں۔

سب سے پہلے لازم ہے کہ چلہ کا اظہار کسی پر بھی نہ کریں۔ نماز کی پابندی کریں۔ عمل باوضو کریں۔ بہتر ہے کہ ہر روز غسل کر کے عمل پر بیٹھیں۔ عروج ماہ یعنی چاند کی پہلی دس تاریخوں میں جب شرف قمر ہو تو عمل شروع کریں۔ بوجہ مجبوری جب ضرورت ہو شروع کر سکتے ہیں۔ عشاء کی نماز کے بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم دو ہزار پانچ سو مرتبہ روزانہ وقت مقررہ پر اکتالیس دن پڑھیں۔ آخری عمل ختم کرنے کے بعد صبح طلوع شمس پہلی ساعت میں ایک سفید کاغذ پر مشک و زعفران اور عرق گلاب سے علیحدہ علیحدہ حروف میں بسم اللہ شریف لکھیں اور اپنے پاس رکھ لیں۔ اب آپ بسم اللہ شریف کے عامل بن گئے۔ اب روزانہ بسم اللہ شریف کسی وقت بھی انیس مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ عمل قبضہ میں رہے گا۔ اب آپ کو



جب بھی کوئی حاجت پیش ہو تو ایک عدد سفید کاغذ لیں، اس دن نفلی روزہ قضائے حاجت رکھیں اور کاغذ پر سطر بسم اللہ کی لکھیں اس کے بعد لکھیں۔

رب انی مسنی الضر وانت ارحم الراحمین. اللھم بحرمتہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اکشف ضری واغن فقری واجاب کسری وازل ھمی وغمی (مقصد لکھیں) انک علی کل شئی قدیر.

اس کاغذ کا تعویذ بنا کر بانس کی نلکی میں ڈال کر آگے سے منہ موم سے بند کر کے دریا یا نہر میں بہا دیں۔ بہاتے وقت منہ مشرق کی جانب ہو بعد میں حسب توفیق نیاز دیں۔ انشاء اللہ اکیس دن کے اندر مقصد میں کامیابی ہوگی۔

## خاص نقش

سورہ فاتحہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا کوئی سا عمل کرنے کے بعد نقش لکھا جا سکتا ہے۔ نظر بد، فتح یابی، گریہ طفل، کامیابی، امتحان، شفا، رہائی، مصائب سے نجات، قسمت و الزام سے باعزت برات، موافقت زوجین، واپسی گمشدہ، چوری کی بازیابی، فرمانبرداری اولاد، تسخیر خلق اور دیگر بے شمار مسائل کے لیے اکسیر ہے۔

## کند ذہنی کے لیے

سات سو چھیاسی مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کرے اور کند ذہن کو پلائے۔ یہ عمل چالیس روز تک جاری رکھے۔

Qureshi RW

# ہر مرض کا علاج

ہر مرض کے علاج کے لئے سورہ اخلاص بمعہ بسم اللہ شریف سات مرتبہ کسی مٹی کے برتن پر پڑھ کر دم کریں اور اس برتن سے پانی مریض کو پلایا کریں۔ ہر مرض سے بفضل باری تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی۔

# رعشہ کا علاج

اگر کسی کو رعشہ کا مرض لاحق ہو گیا ہو یا اس قدر جسمانی کمزوری ہو گئی ہو کہ اس سے رعشہ کی مانند ہر وقت لڑکھڑاتا رہتا ہو اور کوئی دوا دارو، مالش کارگر نہ ہوتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل کرنے سے مکمل شفاء مل جائے گی۔

اس مقصد کے لئے کسی مومی کاغذ پر ذیل کی آیات بمعہ بسم اللہ شریف زعفران وگلاب سے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر لکھے۔ ان کو خوشبو لگائے اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالے۔ روزانہ انہی آیات کو چینی کی طشتری پر زعفران وگلاب سے لکھ کر پانی سے دھو کر یہ پانی دن میں سات مرتبہ دو دو گھونٹ مریض کو پلائیں۔ پلانے کا عمل اکتالیس روز تک جاری رکھیں۔ اس عرصہ کے دوران بفضل تعالیٰ شفاء کلیہ حاصل ہو جائے گی اور دوبارہ یہ مرض نہیں ہوگا۔

آیات یہ ہیں! بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. عَلَّمَ الْقُرْآنَ. خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ. اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ تک۔ (سورۃ رحمٰن ۵۵ آیت ۱ سے ۵)



# تلی کا درد

جو کوئی مرض طحال میں مبتلا ہو گیا ہو اور باوجود یہ کہ علاج معالجہ کے تکلیف سے آرام نہ آتا ہو تو ایسی صورت میں ذیل کا عمل بے حد شفاء بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے کسی سفید کاغذ پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران وگلاب سے سورہ رحمٰن بمعہ بسم اللہ شریف لکھیں۔ اس پر سورہ رحمٰن گیارہ مرتبہ اور درود پاک شفاء اکیس مرتبہ اوّل وآخر پڑھ کر دم کریں اور اس کاغذ کو کسی بوتل میں ڈال کر اس کا پانی بنالیں اور یہ پانی مریض دن میں کم از کم سات مرتبہ تھوڑا تھوڑا کر کے پی لے۔ جب پانی ختم ہونے لگے تو پھر تازہ پانی اس میں ملالے۔ تا شفاء اس عمل کو جاری رکھے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس موذی مرض سے نجات مل جائے گی اور مکمل صحت یابی حاصل ہو جائے گی اور پھر کبھی بھی شکایت پیدا نہ ہوگی۔

# روزی میں برکت

کاروبار میں ترقی اور رزق میں خیر وبرکت کے لئے سورہ کوثر پڑھنا بہت ہی فائدہ مند ہے جو کوئی کاروبار میں ترقی کا خواہاں ہو وہ چاند کے مہینہ کی پہلی اتوار سے اس عمل کو شروع کرے اور سورہ کوثر اس طرح سے پڑھے یعنی اتوار کو فجر کی نماز کے بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ ستر مرتبہ سورہ کوثر پڑھے۔ دوسرے روز پیر کے دن فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد ساٹھ مرتبہ پڑھے۔

Qureshi RW

تیسرے دن منگل کے روز پچاس بار پڑھے۔ بدھ کو چالیس بار پڑھے۔

جمعرات کو تیس بار پڑھے جمعہ کو بیس بار، ہفتہ کو دس بار پڑھے پھر اتوار سے دوبارہ اوّل کی طرح شروع کردے۔ لیکن ہر روز اوّل وآخر گیارہ مرتبہ درود پاک بھی پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے فراخی رزق کی دعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ دلی مقصد پورا ہوگا اور رزق کی خوب فراوانی ہوگی۔

## وسعت رزق

حلال رزق میں اضافے کے لئے سورہ کوثر کا یہ عمل مخفی اور نایاب عمل ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ نماز عشاء کے بعد تنہائی میں بیٹھ کر پہلے گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ استغفار پڑھے پھر ایک مرتبہ مزید درود سلام پڑھے۔ اس کے بعد ایک مرتبہ سورہ فاتحہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے۔ پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ ایک سو مرتبہ سورہ کوثر پڑھے پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ ایک مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔

اسی ترتیب سے اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ اس عمل کی مداومت کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ پھر کشائش رزق کے لئے کوئی اور عمل کرنے کی ضرورت نہیں۔

## روزگار کے لئے

اگر کسی کی روزی کا کوئی ذریعہ نہ ہو، کاروبار کیلئے سرمایہ نہ ہو، ملازمت کا



حصول ناممکن ہو، کسی بھی طرح روزگار کا کوئی ذریعہ نہ بنتا ہو تو ایسی صورت میں چاہیے کہ چاند کے مہینے میں جب پہلا جمعۃ المبارک آئے تو فجر کی نماز پڑھنے کے بعد اس دن سے اس عمل کو شروع کرے یعنی جمعہ کے دن سے لیکر روزانہ بلاناغہ اکتالیس مرتبہ سورہ فاتحہ معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اکتالیس یوم تک پڑھے سورہ فاتحہ پڑھنے کے بعد ایک سو مرتبہ یارزاق کا ورد کرے پھر اللہ تعالیٰ سے روزگار کے حصول کے لئے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی کے اسباب بہت جلد پیدا ہو جائیں گے اور اسے کوئی اچھا سا روزگار کا ذریعہ نصیب ہو جائے گا۔

## دکان کی ترقی

اگر کسی کا کاروبار خراب ہو رہا ہو تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو کسی بھی ماہ کے زائد النور چاند کے حصہ میں بدھ کے دن سورج نکلنے کے بعد لکھے اور دکان میں چسپاں کردے اور دوسرا نقش لکھ کر پانی میں گھول کر اس پانی کو دکان کی تمام چیزوں پر چھڑک دے۔

## طلب رزق

اگر طلب رزق کی ضرورت ہو تو روزانہ ۷۸۶ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور تین بار سورہ واقعہ پڑھ کر ایک بار ننانوے اسمائے باری تعالیٰ پڑھے اور دعا مانگے تو چند دنوں میں حالت بدل جائے گی۔

Qureshi RW

## میاں بیوی میں محبت کیلئے :

اگر کوئی خاوند اپنی بیوی کو پسند نہ کرتا ہو یا بیوی اپنے شوہر سے کسی وجہ سے متنفر ہوگئی ہو اور ان کے درمیان ہر وقت ناچاقی رہتی ہو اور باوجود یہ کہ سمجھانے بجھانے کے وہ اپنے اس فعل سے باز نہ آتے ہوں اور اس وجہ سے گھر کی فضاء خراب اور بچوں پر بُرا اثر پڑ رہا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور شفاء بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کی دعا کو باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران وگلاب سے لکھیں۔ خوشبو لگا دیں اور اس پر سورہ رحمٰن تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں پھر اس کاغذ کو موم جامہ کر کے عورت کو دیں۔ وہ اس نقش کو بعد از فراغت حیض پاک صاف ہو کر اپنے سر کی چوٹی میں باندھے۔ پاکی پلیدی کا خاص خیال رکھے اور اپنے شوہر کے سامنے جائے۔ شوہر بے اختیار اس کی سمت بڑھ آئے گا اور ان کے درمیان تمام نفرت دور ہو جائے گی اور بے پناہ محبت پیدا ہو جائے گی۔ حیض کے دنوں میں عورت اس نقش کو علیحدہ کر کے رکھ لے اور بعد از فراغت پھر غسل کر کے چوٹی میں باندھ لے اور اس کو حفاظت سے رکھے۔

اگر مرد کو دیں تو وہ اس نقش کو اپنے سیدھے بازو کے اوپر باندھ لے۔ اس کی برکت سے عورت کے دل میں تنفر ختم ہو جائے گا اور بے پایاں محبت پیدا ہوگی۔ اس طرح ہر وقت کے لڑائی جھگڑے سے جان چھوٹ جائے گی اور گھر کی فضا پرسکون ہو جائے گی اور آئندہ کوئی بھی ایسا مسئلہ سر نہ اٹھائے گا۔ دعا یہ ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم. يا سيد. يا سيد. يا سيد . اللهم



مؤدت و محبت بين فلان بن فلان علٰى حب فلان بن فلان كمابين آدم وحوا كمابين ابراهيم وسارا كما بين يوسف وزليخا كما بين محمد وعائشه وماريه وكمابين على وفاطمه الزهرا وبحق يحبو نهم كحب الله والذين امنوا اشد حبالله وبحق الرحمن علم القرآن وبحق لسبت حروف ابجد وبحق اين اسم اعظم يا حى يا قيوم وياذو الجلال والاكرام يا ارحم الراحمين وصلى الله علٰى خير خلقه محمد وعلٰى كل الانبياء والمرسلين وعلٰى آله واصحابه اجمعين.

## ترکیب دعوت بسم اللہ شریف

اس کے لئے چاہئے کہ اوّل ترک حیواناتِ جمالی وجلالی کرے اور گناہ کے کاموں سے خود کو ہر طرح سے روکے اب عمل شروع اس طرح کرے کہ عروجِ ماہ میں نماز فجر کے بعد اس کا آغاز کریں مگر اس کے تین طریقے ہیں۔

"اُلوُف"۔ "یعنی ہزار۔ "فِأت"۔ "یعنی سیکڑہ۔ "عشرات" "یعنی دھائی۔

تفصیل اس کی کچھ یوں ہے کہ اگر الوف کو اختیار کرے تو ہر روز دس ہزار بار دس روز تک پڑھے یہ سب ایک لاکھ ہوئے اور اگر فآت کو اختیار کرے تو ہر روز ہزار بار پڑھے اور اگر عشرات کو اختیار کرے تو ہر روز دس بار پڑھے لیکن بزرگوں کا کہنا ہے کہ 'الوف' ہی بہتر ہے جب ماہ ختم ہو جائے تو پھر روزانہ دس مرتبہ ضرور پڑھا کرے پھر جس امر کے لئے بھی دعا کرے حاجت پوری ہوگی۔

Oureshi RW

## دست غیب

وہاں سے رزق ملے کہ جہاں سے وہم وگمان میں بھی نہ ہو۔ اوّل ایک مرتبہ درود ابراہیمی اور بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ ٦٦٦ بار پڑھے۔ بعد ازاں آیۃ کریمہ ایک ہزار ایک بار پڑھے۔ پھر ایک بار درود ابراہیمی پڑھے۔ اسی طرح چالیس یوم وقت مقررہ پر پڑھے، خواہ صبح ہو یا شام مگر بعد نماز عشاء بہتر ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا اثر پانچویں چھٹے دن سے ہی ظاہر ہو جائے گا کہ غیب سے ایک چیز پہنچے گی مگر لانے والے سے کسی قسم کی مزاحمت نہ کرے نہ دریافت کرے کہ تم کون ہو اور یہ کیا چیز ہے۔ بس خاموشی سے وہ چیز لے کر حفاظت سے رکھ لے۔ جب چالیس دن کی مدت ختم ہو تو چاہئے کہ ہر روز بعد نماز فجر اوّل وآخر درود شریف اور دس بار آیۃ کریمہ پڑھتا رہے تا کہ عمل قائم رہے۔ اگر ہر نماز کے بعد ممکن نہ ہو تو صرف بعد نماز فجر ہی پڑھ لیا کرے اور چاہئے کہ یہ عمل در برج ثابت وعروج ماہ میں کرے۔

## دولت مند ہونا

اوّل غسل کرے اور پھر تازہ وضو کر کے دو رکعت نماز نفل انکساری ادا کرے پھر ۷۸۶ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اور سو مرتبہ یا لطیفُ یا طائیلُ پڑھے۔ اس کے بعد یہ کلمات کہے۔ یالطیف الطافی یالطیف۔ اور پڑھتے وقت آسمان پر نظر رہے۔ یہ عبارت باوضو لکھ کر اپنے سامنے



رکھ کر چند روز مداومت کرنے سے تمام مرادات دلی حاصل ہوں گی۔ یہ عمل نہایت آسان ہے۔ چاہئے کہ ہمیشہ پابندی کرے۔ انشاء اللہ بہت جلد غنی ہوگا۔

## عمل دست غیب

سات روزے رکھے، جھوٹ نہ بولے اور ہر شب بعد عشاء پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ ایک ہزار بار پڑھے۔ اوّل وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے پھر "یاحَیُّ" ہزار بار اور "یا قَیُّوْمُ" ایک سو پچاس بار پڑھے۔ سات دن بعد ایک جن آئے گا۔ اس سے پانچ درہم لے اور جیب میں رکھے۔ خوب خرچ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کبھی ختم نہ ہوں گے۔

## حصول روزگار

بے روزگار افراد کے لئے یہ عمل بہت ہی نافع ہے۔ ایسے افراد جو بیروزگاری کے ہاتھوں تنگ آ چکے ہوں کہیں سے کوئی روزگار حاصل نہ ہوتا ہو۔ روزی کی تلاش میں مارے مارے پھرتے ہوں مگر پھر بھی مقصد حل نہ ہوتا ہو تو اس مقصد کے حصول کے لئے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ کا یہ عمل نہایت آزمودہ اور فوری اثرات کا حامل ہے۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کے مہینہ کے عروج میں فجر کی نماز کے بعد جمعہ کے دن شروع کرے اور ہر روز بلاناغہ سا [illegible] وا تالیس مرتبہ بسم اللہ

الرحمن الرحیم۔ اس طرح سے پڑھے کہ اوّل وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اسی طرح ہر روز اکتالیس دن تک پڑھے درمیان میں ایک بھی دن کا ناغہ نہ کرے۔

ہر روز جب بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔سات سو اکتالیس مرتبہ پڑھ لیا کرے تو پھر اپنی حاجت کے حصول کے لئے بارگاہ ایزدی میں دعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ روزی کے اسباب غیب سے مہیا ہو جائیں گے پریشانی جاتی رہے گی معاشی اور مالی پریشانی جلد دور ہو جائے گی۔

یقین اور خلوص نیت کے ساتھ ہر روز اس عمل کی برکت سے پردہ غیب سے اللہ تعالیٰ روزی کے اسباب پیدا فرما دیتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے بے روزگار افراد بہتر روزگار حاصل کر سکتے ہیں۔

## فراخی رزق

روزی میں خیر و برکت اور اضافے کے لئے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھنا فوری طور پر فائدہ پہنچاتا ہے۔

اگر کسی کا کاروبار نہ چلتا ہو سخت مندے کا رجحان ہو اور چاہتا ہو کہ اس کا کاروبار دن دوگنی رات چوگنی ترقی کرے تو اس مقصد کے لئے ہر ماہ چاند دیکھ کر چاندرات کو نماز مغرب اور نماز عشاء کے درمیانی وقفہ میں باوضو حالت میں قبلہ رو بیٹھ کر اوّل وآخر درود پاک پڑھے اور ایک ہزار مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھے، اس کے بعد اکیس مرتبہ آیت کریمہ پڑھے۔



اس کے بعد ایک سو مرتبہ یا قاضی الحاجات پڑھے جب یہ پڑھ چکے تو ایک سو مرتبہ یا رزاق پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

بفضل باری تعالیٰ دعا قبول ہوگی اور غیب سے روزی کے اسباب مہیا ہوں گے۔ رزق میں برکت پیدا ہوگی اور کمی رزق کی شکایت جاتی رہے گی۔

## دکان کی ترقی

دکان میں خیر و برکت اور روزی میں اضافہ کے لئے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ پڑھنا بہت جلد اپنا اثر دکھاتا ہے جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کے کاروبار میں ترقی ہو کاروبار خوب چلے۔ دکان پر گاہکوں کی آمدورفت لگی رہے تو اسے چاہیے کہ جب دکان کھولے تو پہلے تین مرتبہ درود پاک پڑھے اس کے بعد بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دکان کے چاروں کونوں میں دم کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دکان میں خوب برکت پیدا ہوگی اور وافر مقدار میں روزی نصیب ہوگی۔

## عمل خیر و برکت

خیر و برکت کے خواہاں افراد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر ہے۔ اس مقصد کے لئے اوّل وآخر درود شریف اکیس اکیس مرتبہ اور ۷۸۶ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگا کریں۔ روزانہ کے اس عمل

Oureshi RW

کی بدولت ہمہ وقت فراوانی اور خیر و برکت رزق میں رہے گی اور تنگ دستی نہیں آئے گی۔

## کشائش رزق

کشائش رزق کے خواہاں افراد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعد از نماز فجر بسم اللہ شریف سات سو مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگنے کا اپنا معمول بنالیں۔ اس عمل کی بدولت کبھی بھی رزق میں کمی نہ آئے گی اور نہ ہی تنگ دستی کا شکار ہوں گے۔

## حصول دولت و رزق

دولت و رزق کے حصول کے خواہاں پریشان حال لوگوں کے لئے بہترین عمل ہے۔ اس مقصد کے لئے رات کو دو رکعت نماز نفل اس طریق سے ادا کریں کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ واقعہ تین تین مرتبہ پڑھ کر سلام پھیریں۔ پھر جنوب کے طرف کر کے رخ اسی جگہ کھڑے ہو کر بسم اللہ شریف کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت پریشانی پردہ غیب سے دور ہو جائے گی اور رزق کی سبیل پیدا ہو جائے گی۔ نہایت کارگر عمل ہے۔

## تلاش معاش

تلاش معاش کے لئے ذیل کا عمل نافع اور اکسیر ہے۔



اس مقصد کے لئے بعد نماز فجر اور رات کو بعد نماز عشاء درود شریف تاج مع بسم اللہ شریف ایک سو ایک مرتبہ پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت تین تا گیارہ روز کے اندر اندر معاش کا بندوبست پردہ غیب سے بفضل باری تعالیٰ ہو جائے گا۔

## حصول ملازمت

حصول ملازمت کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ رات کو جنوب کی طرف کھڑے ہو کر درود شریف تاج ایک سو ایک مرتبہ مع بسم اللہ شریف پڑھ کر اللہ کے حضور خشوع و خضوع سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ اکتالیس یوم کے بلاناغہ عمل سے ملازمت مل جائے گی۔ نافع عمل ہے۔

## ترقی رزق

بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء کے اوّل اسم یَا لَطِیْفُ ۱۲۹ بار پڑھ کر مع تسمیہ (یعنی بسم اللہ) کے ساتھ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ ۔ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ط ستر بار پڑھے بعدہ اس دعا کرے۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود ضرور پڑھنا ہے۔

اس عمل کو نوچندی جمعرات سے شروع کرنا چاہئے عروج ماہ (شروع مہینہ) میں۔

Qureshi RW

# کشائش رزق اور حصول ترقی

ترقی کا یہ عمل صرف ملازمین ہی کر سکتے ہیں لیکن کشائش رزق کے لئے یہ عمل ہر شخص کر سکتا ہے۔ اس سے رزق میں برکت ہوتی ہے۔ روزی کشادہ ہوتی ہے۔ کبھی تنگ حالی نہیں ہوتی۔ طریقہ یہ ہے کہ وقت مقررہ پر زعفران سے سفید کاغذ پر بسم اللہ شریف لکھیں اور سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ قلم سیب کے درخت یا کسی میٹھے پھل کے درخت کا ہو۔

اس کے بعد ہر روز ۲۶۶ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھا کریں اور کشائش رزق کے لئے دعا مانگا کریں۔ یہ نقش باندھ کر شیرینی پر ختم دلائیں اور شیرینی اتنی ہونی چاہئے کہ کم از کم سات بچے شکم سیر ہو کر کھائیں۔ اگر اس دوران کوئی شخص آ کر اس میں سے کوئی چیز مانگے تو نہ دیں اور خاموش رہیں۔ اگر کچھ دے دیں گے تو عمل بے کار جائے گا۔ ہاں بلا طلب آپ کسی کو دے دیں تو ہرج واقع نہ ہوگا۔

دائیں طرف یادردائیل اور بائیں طرف یا میکائیل لکھیں۔

# خیر و برکت کا حصول

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے ہاں کبھی بھی روپے پیسے کی کمی نہ ہو رزق میں اضافہ ہو اس کی رزق حلال کی آمدنی میں خیر و برکت پیدا ہو جائے تو اسے چاہیے کہ جب بھی کبھی کسی سے روپیہ پیسہ وغیرہ لے تو بسم اللہ پڑھ کر لے اور جب کسی



کو روپیہ پیسہ دے تو دیتے وقت اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۔ پڑھے۔ (سورۃ بقرہ ۲ آیت ۔۱۵۶)

ہمیشہ اس عمل کی پابندی رکھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت فائدہ ہوگا کبھی روپے پیسے کی کمی نہ آئے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۱۹ مرتبہ پڑھنی ہے تاکہ عمل قابو میں رہے اور اس کے اثرات زائل نہ ہوں اکتالیسویں روز عمل ختم ہونے کے بعد اگلے دن ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الگ الگ حروف میں لکھیں۔ اس دن نفلی روزہ بھی رکھیں اور روزہ کی حالت میں لکھیں۔ بسم اللہ شریف کو الگ الگ حروف میں س طرح لکھیں۔

ب س م ال ل ہ ال ر ح م ان

ال ر ح ی م

اس کے بعد اس کے نیچے یہ عبارت لکھیں۔

ھٰذَا مَکْتُوْبٌ مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِیْلِ الْفَقِیْرِ۔ (یہاں اپنا نام اور والدہ کا نام لکھیں) اِلَی الْمَوْلَی الْجَلِیْلِ الْکَبِیْرِ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔ اَللّٰھُمَّ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَکْشِفْ ضُرِّیْ وَاَغْنِ فَقْرِیْ وَاَجَابَ کَسْرِیْ وَاَزِلْ ھَمِّیْ وَغَمِّیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط

پھر اس کاغذ کا تعویذ بنا کر اسے لمبا موڑ کر ایک بانس کی نلکی میں ڈال دیں اور بانس کے دونوں سروں پر موم لگا دیں۔

Qureshi RW

اس بانس کے ٹکڑے کو پتھر سے باندھ کر دریا، نہر، تالاب، جھیل یا سمندر میں ڈال دیں۔

اس کے بعد میٹھے چاول پکا کر گیارہ کم عمر معصوم بچوں کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ماہ کے اندر اندر اللہ تعالیٰ کی طرف سے غیبی مدد آئے گی اور رکے ہوئے کام چل جائیں گے۔ کاروبار میں زبردست ترقی ہوگی، بے روزگاری دور ہو جائے گی۔ غیبی نصرت ظہور میں آئے گی جس کی پہلے کبھی امید ہی نہ تھی۔

## روزگار کے لیے

کاروبار میں ترقی اور رزق میں خیر و برکت کے لیے سورۃ فاتحہ پڑھنا بہت ہی فائدہ مند ہے جو کوئی کاروبار میں ترقی کا خواہاں ہو وہ چاند کے مہینہ کی پہلی اتوار سے اس عمل کو شروع کرے اور سورۃ فاتحہ اس طرح پڑھے یعنی اتوار کو فجر کی نماز کے بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ ستر مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے دوسرے روز پیر کے دن فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد ساٹھ مرتبہ پڑھے۔

تیسرے دن منگل روز پچاس بار پڑھے۔ بدھ کو چالیس بار پڑھے۔ جمعرات کو تیس بار پڑھے لیکن ہر روز اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک بھی پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے فراخی رزق کی دعا مانگے، انشاء اللہ تعالیٰ دلی مقصد پورا ہوگا اور رزق کی خوب فراوانی ہوگی۔



سورۃ فاتحہ کے اس عمل کے بارے میں ''خزینۃ الاسرار'' کتاب کے مصنف سید محمد حقی اپنی کتاب میں تحریر فرماتے ہیں کہ مدینہ طیبہ میں مجھے علماء ہند میں سے ایک بزرگ نے اس عمل کی اجازت مرحمت فرمائی تھی اور یہ کہا تھا کہ میرے مرشد ایک خالی مکان میں بالکل الگ تھلگ تنہا رہتے تھے اور بہت سے مرید بھی ان کے پاس آتے جاتے تھے اور اسی عمل کی برکت سے میرے مرشد تمام مریدوں کو اپنے پاس سے کچھ نہ کچھ دیتے رہتے تھے اور جو بھی آتا اس کو اس کی خواہش کے مطابق کھانا بھی کھلاتے تھے۔

سورۃ فاتحہ کا یہ عمل بہت ہی فیوض و برکات کا حامل ہے اس کا عامل رزق کی کمی کا شکار نہیں ہوتا۔

## باطنی صفائی

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کا باطن پاکیزہ ہو جائے برے اور گندے تصورات اس کے ذہن سے ختم ہو جائیں۔ اس کی جگہ اچھے اور صاف تصورات کی آماجگاہ اس کا ذہن بن جائے تو وہ ہر روز کسی بھی فرض نماز کے بعد سات سو مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنے پر ہمیشگی اختیار کرے اور اس عمل کو جاری رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ رفتہ رفتہ اس کے ذہن میں پاکیزگی پیدا ہو جائے گی باطن کی خوب اچھی طرح صفائی ہو جائے گی۔ شیطانی وسوسے اسے تنگ نہ کریں گے۔ اللہ تعالیٰ شر شیطان سے حفاظت فرمائے گا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی برکت سے اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

Qureshi RW

# تسخیر موکلات

یہ عمل آزمودہ ہے اور سو فیصد درست ہے۔ بدھ کے دن سے شروع کیا جائے۔ عامل کو پنجگانہ نماز اور شریعت کا پابند ہونا چاہئے۔ ہر وقت پاکیزہ رہنا چاہئے اور لباس پاکیزہ زیب تن ہونا چاہئے۔ بعد نماز عشاء ایک پاک مقام پر سبز رنگ کا مصلا بچھا کر بیٹھیں۔ بدن پر کپڑا کم از کم سبز ہونا چاہئے۔ چاہے وہ عمامہ یا ٹوپی ہی کیوں نہ ہو۔ پہلے ۷۸۶ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، پھر ۴۴۴ بار سورہ جن پڑھیں۔

پڑھتے وقت گوگل کا بخور جلائے۔ اکیسویں دن سے موکلین حاضر ہوں گے اور طرح طرح کے خوفناک منظر دکھائیں گے۔ مگر عامل ان سے ہرگز خوف نہ کرے۔

چالیس دن پورے ہونے کے بعد سفلی موکل تابع ہو جائے گا۔ اسے جائز مقصد کے لئے استعمال کریں۔ جس دن کا جو موکل ہو اس کا نام لے کر بلائیں تو وہ فوراً حاضر ہو جائے گا۔ جب ان کو بلانے کا ارادہ ہو تو دیکھیں کہ کپڑے وغیرہ پاک ہیں یا نہیں۔ نجاست اور جنابت کے عالم میں انہیں کبھی طلب نہ کریں ورنہ نقصان ہو سکتا ہے اور کسی بھی خلق کو ہلاک کرنے کا یا نقصان پہنچانے کا حکم موکل کو نہ دیں۔

ہاں اگر کوئی دشمن ناحق عامل کو ستائے اور وہ دشمن اسلام سے باہر ہو تو حرج نہیں۔ اس کا زور کم کرنے کی کوشش کی جائے اور اگر روپیہ پیسہ اور دنیاوی



طمع کا سوال موکل کے سامنے آئے تو موکل فرمائش پوری نہیں کرے گا اور عمل کا اثر بھی جاتا رہے گا۔

# تنخواہ میں اضافہ

اگر آپ سرکاری ملازم ہیں اور تنخواہ آپ کی قلیل ہے تو روزانہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح اپنے مقصد کو مدنظر رکھ کر پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تنخواہ میں بہت جلد اضافہ ہو جائے گا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پوری پڑھیں۔ خلوص دل کے ساتھ پڑھیں اور تسبیح پوری کرنے کے بعد عجز و انکساری کے ساتھ رب العزت سے دعا مانگیں، انشاء اللہ قبول ہوگی۔

# اعمال عجیب

جمعۃ الوداع کی صبح بعد نماز فجر عمدہ خالص روغن چنبیلی پر اول و آخر درود شریف سات بار، ۷۸۶ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، سورہ والعادیات سات بار دم کر کے محفوظ رکھا جائے تو جملہ درد اعضا نزلہ و درد سر کو استعمال کرنے سے فائدہ ہوگا۔

# نقش خاص

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا کوئی سا عمل کرنے کے بعد اس کا عبارت کی شکل میں نقش لکھا جا سکتا ہے۔ نظر بد، فتح یابی، گریہ طفل، کامیابی امتحان، شفا، رہائی، مصائب سے نجات، قسمت و الزام سے باعزت برأت، موافقت زوجین،

Qureshi RW

واپسی گمشدہ، چوری کی بازیابی، فرمانبرداری اولاد، تسخیر خلق اور دیگر بے شمار مسائل کے لئے اکسیر ہے۔

اگر میاں بیوی کے مابین ناچاقی رہتی ہو، آپس میں اتفاق ومحبت نہ ہو، ہر وقت جھگڑے رہتے ہوں تو باوضو حالت میں اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں ساٹھ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے۔ پھر چالیس مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے۔

اس طرح پڑھنے کے بعد پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی ہر روز میاں بیوی کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں میاں بیوی کی ناچاقی پیار و محبت میں بدل جائے گی۔ دونوں کے مابین حسن واتفاق کی فضاء قائم ہوجائے گی۔

## گھر میں اتفاق کے لئے

جس گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہو، بات بات پر جھگڑے کی فضاء قائم ہوجاتی ہو، گھر میں سے کوئی بھی فرد پیار ومحبت سے کام نہ لیتا ہو تو ان میں حسن واتفاق کی غرض سے باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد ایک سو پچیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اور پانی پر دم کرے۔ یہ دم کیا ہوا پانی گھر کے افراد کو پلادے یا کسی طرح اس پانی میں ملادے جس سے گھر کے افراد آٹا پانی پیتے ہوں۔ چالیس یوم تک یہ عمل کرے۔ اس دوران انشاء اللہ تعالیٰ گھر میں خیر و برکت پیدا ہوگی۔ گھر والوں کے دلوں میں ایک دوسرے کے لئے پیار ومحبت کے جذبات پیدا ہوں گے اور وہ آپس میں اتحاد واتفاق سے رہیں گے۔



## آسیب سے بچاؤ

آسیب سے خلاصی نجات حاصل کرنے کی غرض سے باوضو حالت میں نماز عصر کے بعد پانی پر ایک سو پچیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم دم کرے اور اس دم کئے ہوئے پانی میں سفید کاغذ پر زعفران سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھ کر ڈال دے۔ یہ دم کیا ہوا پانی آسیب زدہ کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ افاقہ ہوگا اور آسیب کا اثر جاتا رہے گا۔

## سحر سے حفاظت

جس کسی کو یہ خطرہ ہو کہ کوئی اس پر جادو کردے گا تو اسے چاہیے کہ وہ ہر روز نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد ایک سو پچیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا خوف دور ہوجائے گا۔ کوئی اس پر جادو کرنے کی ہمت نہ کرے گا۔

## دفع سحر وآسیب

جس شخص پر سحر ہوگیا ہو یا آسیب چمٹ گیا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل باعث نجات ہے۔ اس مقصد کے لیے روزانہ باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر درود تاج گیارہ مرتبہ اور ۳۰۰۰ بار بسم اللہ شریف پڑھ کر پانی پر دم کرکے اسے نہار منہ پلائیں۔ اکیس یوم کی مداومت سے سحر وآسیب سے نجات مل جائے گی۔

Oureshi RW

# دافع جن

اگر کسی شخص کو جن چمٹ گیا ہو اور کسی طرح پیچھا نہ چھوڑتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے روزانہ قبلہ رخ بعد نماز فجر بیٹھ کر گیارہ مرتبہ درود تاج اور ۷۸۶ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور پانی پر بھی دم کر کے پئے۔ اس عمل کے اکتالیس یوم بلاناغہ عمل سے جن بھاگ جائے گا اور واپس نہیں آئے گا۔

# شیطان سے بچاؤ

آیت الکرسی اور بسم اللہ شریف لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے بہت سی فتوح حاصل ہوتی ہیں۔ نیز چوروں اور شیطانوں کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔ کاروبار میں ترقی ہوتی ہے۔ رزق کشادہ ہوتا ہے دافع آسیب ہے اور ہر قسم کی مہم آسان ہو جاتی ہے۔

# نظر بد کا علاج

دو تین ہلدی کی گر، پر تین تین مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر پھونکے اور پھر آگ میں ڈال کر اس کی دھونی اس شخص کو دے جسے نظر بد ہو گئی ہو۔ انشاء اللہ اچھا ہو جائے گا۔



# نظر بد کی تاثیر پر

# حدیث نبوی سے چند دلائل

نظر بد کے بارے میں رسول اکرم ﷺ کے فرامین کا ترجمہ ملاحظہ کریں۔

☆ "نظر بد کا لگ جانا حق ہے۔"

بخاری جلد نمبر ۱۰۔ صفحہ ۲۱۳ کتاب السلام الطلب جلد ۱۴۔ صفحہ ۱۷۰ الشرح نووں

☆ "نظر بد سے اللہ کی پناہ طلب کیا کرو، کیونکہ نظر بد کا لگنا حق ہے۔"

سنن ابن ماجہ ۳۵۰۸ صحیح الجامع ۹۳۸۔ الصحیہ ۷۳۷

☆ نظر بد حق ہے اور اگر تقدیر سے کوئی چیز سبقت لے جا سکتی ہوتی تو وہ نظر بد ہے اور جب تم میں سے کسی ایک سے غسل کرنے کا مطالبہ کیا جائے (تاکہ غسل کے پانی سے وہ شخص غسل کر سکے جسے تمہاری نظر بد لگی ہو) تو غسل کر لیا کرو۔

مسلم کتاب السلام باب الطلب والترقی جلد ۱۴۔ صفحہ ۱۷۰ الشرح نووی

☆ "اسماءؓ بنت عمیس نے آپ ﷺ سے گزارش کی کہ بنو جعفر کو نظر بد لگ جاتی ہے تو کیا وہ ان پر دم کر سکتی ہیں؟ آپؐ نے فرمایا۔

"ہاں، اور اگر تقدیر سے کوئی چیز سبقت لے جانے والی ہوتی تو وہ نظر بد ہے۔" (مسند احمد جلد ۶ صفحہ ۴۳۸۔ جامع ترمذی ۲۰۵۹ صحیح سنن ابن ماجہ ۳۵۰۱ صحیح الجامع ۵۲۷۶)

Oureshi RW

☆ بے شک نظر بد انسان پر اثر انداز ہوتی ہے۔ حتیٰ کہ ایک اونچی جگہ پر ہوتو نظر بد کی وجہ سے نیچے گر سکتا ہے۔'' صحیح الجامع ۱۶۸۱۔ الصحیحہ ۸۸۹

☆ نظر بد کا لگنا حق ہے اور انسان کو اونچے پہاڑ سے نیچے گرا سکتی ہے۔ الصحیحہ ۱۲۵

☆ نظر بد انسان کو موت تک پہنچا دیتی ہے۔ صحیح الجامع ۴۱۴۴۔ الصحیحہ ۱۲۴۹

☆ اللہ کی قضاء و تقدیر کے بعد سب سے زیادہ نظر بد کی وجہ سے میری امت میں اموات ہوں گی۔'' (صحیح الجامع ۱۲۰۴۔ الصحیحہ ۱۲۴۹)

☆ حضرت عائشہ صدیقہؓ کہتی ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نظر بد کی وجہ سے دم کرنے کا حکم دیتے تھے۔ (بخاری جلد ۱۰ صفحہ ۱۷۰ مسلم ۲۱۹۵)

☆ حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے نظر بد اور بچھو وغیرہ کے ڈسنے سے اور پہلو میں پھوڑوں سے دم کرنے کی اجازت دی ہے۔ (مسلم ۲۱۹۶)

☆ حضرت ام سلمہؓ سے روایت ہے کہ آپؐ نے ایک لڑکی کے چہرے پر کالے یا پیلے رنگ کا نشان دیکھا تو آپؐ نے فرمایا۔ ''اسے نظر بد لگ گئی ہے، اس پر دم کرو۔'' (بخاری جلد ۱۰۔ صفحہ ۱۷۱۔ مسلم ۱۲۹۷)

☆ حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے آل حزم کو سانپ کے ڈسنے کی وجہ سے دم کرنے کی رخصت دی اور آپؐ نے اسماء بنت عمیسؓ سے پوچھا۔ ''کیا وجہ ہے کہ میرے بھتیجے کمزور ہیں کیا فقر و فاقے کا شکار ہیں؟'' انہوں نے کہا۔ نہیں بلکہ انہیں نظر بد بہت جلدی لگ جاتی ہے۔ تو آپؐ نے فرمایا۔ ان پر دم کیا کرو۔ (مسلم ۱۲۹۸)



# نظر بد کا علاج

اس کے علاج کے متعدد طریقے ہیں، ان میں سے چند درج ذیل ہیں۔

## پہلا طریقہ

جس شخص کی نظر ہو اگر اس کا پتہ چل جائے تو اسے غسل کرنے کا حکم دیا جائے پھر جس پانی سے اس نے غسل کیا ہو اسے نظر بد سے متاثر ہونے والے شخص پر بہا دیا جائے، اس طرح انشاء اللہ شفا نصیب ہوگی۔

ابو امامہ کہتے ہیں کہ میرے باپ سہل بن حنیفؓ نے غسل کرنے کا ارادہ کیا اور جب اپنی قمیض اتاری تو عامرؓ بن ربیعہ ان کی طرف دیکھ رہے تھے۔ ان کا رنگ انتہائی سفید تھا اور جلد بہت خوبصورت تھی۔ عامرؓ نے دیکھتے ہی کہا۔ ''میں نے آج تک اتنی خوبصورت جلد کسی کنواری لڑکی کی بھی نہیں دیکھی۔'' ان کا یہ کہنا تھا کہ سہلؓ کو شدید بخار شروع ہو گیا۔ چنانچہ رسول اکرم ﷺ کو یہ قصہ بتایا اور آپ ﷺ سے کہا گیا کہ سہلؓ کی حالت یہ ہے کہ وہ سر بھی نہیں اٹھا سکتا۔ آپؐ نے پوچھا۔ کیا تمہیں کسی پر شک ہے؟ انہوں نے کہا۔ جی ہاں عامرؓ بن ربیعہ پر شک ہو سکتا ہے۔ سو آپؐ نے انہیں بلوایا اور ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا۔ ''تم میں سے کوئی ایک کیوں اپنے بھائی کو قتل کرتا ہے؟ کیا تم ''بارک اللہ'' نہیں کہہ سکتے تھے؟ اس کے لیے غسل کرو۔''

عامرؓ نے اپنا چہرہ ہاتھ، کہنیاں، گھٹنے، پاؤں اور اپنی چادر کے اندرونی حصے دھوئے، پھر اسی پانی کو آپؐ نے ''سہلؓ'' کے اوپر پیچھے سے بہا دیا اور سہلؓ

Qureshi RW

فوراً شفایاب ہو گیا۔ (مسند احمد۔ سنن ابن ماجہ۔ صحیح الجامع ۳۹۰۸)

## غسل کرنے کا طریقہ

ابن شہاب الزہری کا کہنا ہے کہ ہمارے زمانے کے علماء نے غسل کی یہ کیفیت بیان کی ہے۔ جس آدمی کو نظر لگی ہو اس کے سامنے ایک برتن رکھ دیا جائے۔ جس میں وہ سب سے پہلے کلی کرے اور پانی اسی برتن میں گرائے۔ پھر اس میں اپنا چہرہ دھوئے، پھر بائیں ہاتھ کے ذریعے اپنی دائیں ہتھیلی پر پانی بہائے، پھر دائیں ہاتھ کے ساتھ بائیں ہتھیلی پر پانی بہائے، پھر پہلے دائیں کہنی، پھر بائیں کہنی پر پانی بہائے۔ پھر بائیں ہاتھ سے اپنا دایاں پاؤں دھوئے۔ پھر دائیں ہاتھ سے بایاں پاؤں دھوئے اور پورے طریقے پر اس بات کا خیال رہے کہ پانی برتن میں ہی گرتا رہے اس کے بعد جس شخص کو نظر بد لگی ہو اس کے سر کی پچھلی جانب وہ پانی یک بار بہا دیا جائے۔ (سنن بیہقی جلد ۹ صفحہ ۲۵۲)

## غسل کی مشروعیت

رسول اکرم ﷺ کا فرمان ہے۔ ترجمہ: نظر بد کا لگنا حق ہے اور اگر کوئی چیز تقدیر سے سبقت لے جانے والی ہوتی تو وہ نظر بد ہوتی، اور جب تم میں سے کسی ایک سے غسل کا مطالبہ کیا جائے تو وہ ضرور کرے۔" (مسلم جلد ۵ صفحہ ۳۲)

حضرت عائشہ صدیقہؓ کہتی ہیں کہ "جس شخص کی نظر بد کسی کو لگ جاتی تھی اسے وضو کرنے کا حکم دیا جاتا تھا۔ پھر اس پانی سے مریض کو غسل کرا دیا جاتا تھا۔ (سنن ابی داؤد ۳۸۸۰۔ باسناد صحیح)



ان دونوں حدیثوں سے یہ بات ثابت کی گئی ہے کہ جس شخص کی نظر کسی کو لگی ہو وہ مریض کے لیے وضو یا غسل کرے۔

## دوسرا طریقہ

مریض کے سر پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا ۷ بار پڑھیں۔

"بسم اللہ ارقیک، واللہ یشفیک من کل داء یئو ذیک ومن کل نفس عین حاسد اللہ یشفیک، بسم اللہ ارقیک" (مسلم ۲۱۸۶) ۷ بار

## تیسرا طریقہ

مریض کے سر پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھیں۔ ایک بار۔

"بسم اللہ یبریک، من کل داء یشفیک، ومن شر حاسد اذا حسد، ومن شر کل ذی عین" (مسلم ۲۱۸۶۔ ۲ بار)

## چوتھا طریقہ

مریض کے سر پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھیں۔ ۱۸ بار

"اللّٰھم رب الناس اذھب الباس، واشف انت الشافی لا شفاء الا شفائک شفاءً لا یغادر سقما" (بخاری و مسلم)

## پانچواں طریقہ

مریض کے سر پر ہاتھ رکھ کر آخری تین سورتیں اخلاص ۷ بار۔ فلق ۱۳ بار۔ ناس ۱۷ بار پڑھیں اور اس پر دم کریں۔ (بخاری باب العوذات کتاب فضائل القرآن۔

Qureshi RW

# نظر بد کے علاج کی عملی مثالیں

## پہلی مثال

میں چند رشتہ داروں سے ملنے گیا تو انہوں نے مجھے بتایا کہ ایک بچے نے کچھ دنوں سے ماں کا دودھ پینا چھوڑ دیا ہے حالانکہ اس سے پہلے وہ فطرت کے مطابق ماں کا دودھ پیا کرتا تھا۔ میں نے اس بچے کو منگوایا اور معوذات اور دیگر مسنون دعائیں پڑھ کر اس پر دم کر دیا۔ اسے واپس لے جایا گیا تو اس نے فوراً دودھ پینا شروع کر دیا۔ والله الحمد

## دوسری مثال

مڈل اسکول کا ایک طالبعلم انتہائی ذہین، فصیح و بلیغ اور قادر الکلام تھا۔ متعدد مواقع پر وہ اسکول کے طالب علموں کی نمائندگی کرتے ہوئے تقریریں کیا کرتا تھا۔ ایک دن اس کی بستی میں رہائش پذیر ایک لڑکا فوت ہو گیا۔ وہ اپنے خاندان کے افراد کے ہمراہ تعزیت کے لیے گیا تو وہاں بھی اس نے لوگوں کو وعظ کیا اور شام ہوئی تو وہ گونگا ہو گیا اور بولنے سے عاجز تھا۔ اس کا والد بہت گھبرا گیا۔ اسے فوراً اسپتال لے کر گیا۔ اس کے مختلف ٹیسٹ ہوئے، ایکسرے لئے گئے لیکن مرض کا پتہ نہ چل سکا۔ بالآخر اس کا باپ اسے میرے پاس لے آیا۔ اسے دیکھتے ہی میری آنکھوں میں آنسو جاری ہو گئے کیونکہ میں اس لڑکے کی دینی سرگرمیوں سے واقف تھا۔ اس کے باپ نے مجھے پورا قصہ سنایا تو مجھے یقین ہو گیا کہ یہ نظر بد کا شکار ہوا ہے۔ میں نے اس پر معوذات پڑھ کر دم کیا اور پانی پر نظر بد والا دم پڑھ کر اس کے باپ کو دیا اور



اسے تلقین کی کہ لڑکا اس پانی کو سات دن استعمال کرے، اسے پئے اور اس سے غسل کرے، سات روز بعد دوبارہ میرے پاس آیا تو پہلے کی طرح بولتا تھا اور بالکل درست تھا۔ میں نے اسے نظر بد وغیرہ سے بچنے کے لیے چند احتیاطی اذکار سکھائے تا کہ وہ انہیں صبح و شام پڑھ کر آئندہ کے لیے نظر بد سے محفوظ رہے۔

## تیسری مثال

یہ واقعہ خود ہمارے گھر میں ہوا۔ ایک شخص اپنی بوڑھی والدہ کو لے کر آیا۔ وہ میرے پاس بیٹھ گیا اور مجھے اپنی والدہ کے متعلق کچھ بتانے لگ گیا اور اس کی والدہ میرے گھر والوں کے پاس چلی گئیں۔ میں نے انہیں بلوا کر ان پر دم کیا اور وہ دونوں چلے گئے۔ میں اپنے گھر میں داخل ہوا تو کیا دیکھتا ہوں کہ گھر میں کیڑے ہی کیڑے ہیں۔ میرے گھر والوں نے گھر میں صفائی کی لیکن اچانک یہ کیڑے پھر ظاہر ہوئے اور گھر کے تمام کمروں میں پھیل گئے۔ میں نے گھر والوں سے پوچھا کہ یہ جو عورت آئی تھی، اس نے تمہیں کیا کہا تھا؟ تو گھر والوں نے بتایا کہ وہ گھر کے ایک ایک کونے کو گہری نظروں سے دیکھتی رہی اور اس نے کوئی بات نہیں کی۔ تو میں سمجھ گیا کہ اس کی نظر بد کا نتیجہ ہے کہ گھر میں کیڑے ہی کیڑے نظر آ رہے ہیں۔ حالانکہ میرا گھر انتہائی سادہ سا ہے لیکن چونکہ یہ عورت دیہاتی تھی اس لیے وہ تعجب کی نظروں سے گھر کو دیکھتی رہی۔ خلاصہ کلام یہ کہ میں نے پانی منگوایا، پھر اس پر نظر بد والا دم کیا اور گھر کے تمام کونوں میں اسے چھڑک دیا۔ جس سے وہ کیڑے چلے گئے اور گھر اسی حالت میں لوٹ آیا جس میں پہلے تھا۔ والله الحمد۔

☆☆......☆☆......☆☆

Qureshi RW